Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 12
منگل، 22 مارچ 2022ء، 18 شعبان المعظم 1443ھ، 9 چیت 2079ب، قیمت 20 روپے
شمارہ 324

منحرف اراکین سے متعلق صدارتی ریفرنس سپریم کورٹ میں دائر

کیا منحرف اراکین تاحیات نااہل ہوں گے؟ منحرف اراکین کے ووٹ کی کیا وقعت ہوگی؟ منحرف اراکین کا ووٹ گنتی میں شامل ہوگا یا نہیں یہ دیکھنا ہے

صدر مملکت نے وزیرِ اعظم کے مشورے پر سپریم کورٹ کی رائے مانگی، ریفرنس کچھ ممبران پارلیمنٹ کے انحراف کی خبروں، موجودہ حالات کے پیش نظر فائل کیا گیا ہے

اسلام آباد (مدثر الیاس کیانی) اٹارنی جنرل آف پاکستان نے صدر مملکت کی منظوری کے بعد آرٹیکل 63 اے کی تشریح سے متعلق ریفرنس سپریم کورٹ میں دائر کر دیا۔ صدر مملکت عارف علوی نے آئین کے آرٹیکل 186 کے تحت سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کرنے کی منظوری دی۔ صدر مملکت عارف علوی نے وزیرِ اعظم کے مشورے پر سپریم کورٹ کی رائے مانگی، ریفرنس کچھ ممبران پارلیمنٹ (بقیہ نمبر 1)

وفاقی وزیر شہری ہوابازی چوہدری غلام سرور مرید کے میں والٹن جنرل ایوی ایشن ایروڈرم ایئر پورٹ کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

آرٹیکل 63 اے کے تحت ریفرنس سپریم کورٹ کو موقع دے رہا

ہارس ٹریڈنگ، موقع پرستی اور کرپشن کے ڈرامے ہمیشہ کیلئے ختم ہوسکیں، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ آرٹیکل 63 اے کے تحت ریفرنس سپریم کورٹ کو یہ موقع دے رہا ہے کہ ملک میں جاری ہارس ٹریڈنگ، موقع پرستی اور کرپشن کے ڈرامے ہمیشہ کیلئے ختم ہوسکیں۔ پیر کو اپنے ایک ٹوئٹ میں چوہدری فواد حسین نے کہا کہ پی ٹی آئی سے منحرف ارکان نے اپنی جماعت نہیں ملک کی پیٹھ میں خنجر گھونپا ہے، انہیں سزا دینا اسی طرح اہم ہے جیسے ملک (بقیہ نمبر 2)

ایک جمہوری اسپیکر کو آئین کی پاسداری کرنی چاہیے، احسن بھون

پہلی بار پارلیمان میں اسپیکر نے آئین کی پاسداری نہیں کی، پارلیمان کے ان لوگوں کے خلاف بھی آرٹیکل 6 چلنا چاہیے

اسلام آباد (اے ایف بی) صدر سپریم کورٹ بار احسن بھون نے کہا ہے کہ ایک جمہوری اسپیکر کو آئین کی پاسداری کرنی چاہیے۔ احسن بھون نے سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پہلی بار پارلیمان (بقیہ نمبر 5)

منحرف ارکان کو ملکی غداروں کی طرح سزا دینا ضروری ہے

تحریک انصاف کے منحرف ارکان نے اپنی جماعت نہیں ملک کی پیٹھ میں خنجر گھونپا ہے وفاقی وزیر اطلاعات کی ٹویٹ

اسلام آباد (رانا فہد نذیر) وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ملکی غداروں کی طرح منحرف پی ٹی آئی ارکان کو سزا دینا ضروری ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنی ٹویٹ میں وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 4)

ضمیروں کے سودے کیے جا رہے ہیں، فرخ حبیب

آئین کے تحت سب کو پرامن احتجاج کا حق حاصل ہے، جلسہ ضرور کریں، قانون کی خلاف ورزی کریں گے تو کارروائی ہوگی

اسلام آباد (حمزہ لطیف) وزیر مملکت اطلاعات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ ضمیروں کے سودے کیے جا رہے ہیں، جمہوریت کی مضبوطی کیلئے سیاست میں پیسے کا استعمال روکنا ہو گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 3)

ہمارے سارے معاشی اشاریے درست ہیں اور ملک ترقی کے رستے پر چل نکلا، وزیراعظم

آئی ایم ایف کہہ رہا ہے پاکستان مضبوط نمو پر گامزن

ہماری پہلی حکومت ہے جو اپنے خرچے کم کرتے ہوئے آمدنی بڑھا رہی ہے، پاکستان کی تاریخ میں صحت پر اتنا کام کسی نے نہیں کیا، ہم سندھ کے سوا تمام صوبوں میں ایسا ہیلتھ انشورنس دے رہے ہیں

ہماری حکومت نے یکساں نصام تعلیم متعارف کرایا، ہمارا طبقاتی تعلیمی نضام بنا ہوا ہے، امیر کے لیے انگلش میڈیم اور غریب کے لیے اردو میڈیم، وزیراعظم عمران خان

اسلام آباد (حاجی ندیم) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ملک کی معیشت مستحکم ہو رہی ہے، آئی ایم ایف نے بھی نشاندہی کی ہے کہ پاکستان مضبوط نمو کی طرف گامزن ہے، پاکستان کی تاریخ میں صحت پر اتنا کام کسی نے نہیں کیا، ہم سندھ کے سوا تمام صوبوں میں ایسا ہیلتھ انشورنس دے رہے ہیں جو دنیا کے ترقی پزیر ممالک میں بھی نہیں۔ پیر کو پمز ہسپتال کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ جب حکومت آنے کے بعد جب میں نے پہلی بار پمز کی ایمرجنسی کا دورہ کیا تو میں نے محسوس کیا کہ یہاں ایمرجنسی کے حالات بہت برے تھے، ہم چاہتے تھے کہ یہاں بننے والی ایمرجنسی خاص ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس ایمرجنسی کے ڈیزائن کے لیے اوور سیز (بقیہ نمبر 18)

وزیراعظم عمران خان سے گورنر سندھ عمران اسماعیل، وزیر دفاع پرویز خٹک، سید علی زیدی و دیگر اراکین اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر 181 روپے سے بھی تجاوز کر گیا

کراچی (اے ایف بی) انٹربینک مارکیٹ میں ٹریڈنگ کے دوران ڈالر 181 روپے سے بھی تجاوز کر گیا۔ کاروباری دن کے آغاز پر ڈالر کی قدر 28 پیسے کے اضافے سے 181.39 روپے کی سطح (بقیہ نمبر 9)

سندھ ہاؤس پر حملے کی رپورٹ سپریم کورٹ میں پیش

واقعے پر 10 اہلکاروں کی غفلت پر کارروائی کی جاری ہے، رپورٹ

اسلام آباد (اے ایف بی) آئی جی اسلام آباد نے سندھ ہاؤس پر حملے کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی۔ آئی جی اسلام آباد نے سندھ ہاس پر پی ٹی آئی کے کارکنان کے حملے کی رپورٹ سپریم کورٹ میں رپورٹ جمع کرادی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ پولیس کی زائد نفری ہونے کے باوجود سندھ ہاؤس کا گیٹ ٹوٹنا شرمندگی کا باعث ہے (بقیہ نمبر 8)

بہتر ہوگا اسمبلی کی جنگ اسمبلی کے اندر لڑی جائے، چیف جسٹس

عدالت نے دیکھنا ہے کہ کسی ایونٹ کے سبب کوئی ووٹ ڈالنے سے محروم نارہ جائے، ووٹ ڈالنا ارکان کا آئینی حق ہے

عدالت اسمبلی کی کارروائی میں مداخلت کی قائل نہیں، عدالت صرف یہ چاہتی ہے کسی کا حق متاثر نہ ہو، جسٹس عمر عطاء بندیال

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی درخواست پر سماعت میں ریمارکس دیئے ہیں کہ یہ سارا قومی اسمبلی کا اندرونی معاملہ ہے لہٰذا بہتر ہوگا کہ اسمبلی کی جنگ اسمبلی کے اندر لڑی جائے۔ سپریم کورٹ نے چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ تحریک عدم اعتماد سے پہلے سیاسی جلسے روکنے کیلئے سپریم کورٹ بار (بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم عمران خان کے ہمراہ گورنر سندھ عمران اسماعیل، وزیر دفاع پرویز خٹک و دیگر ارکان اسمبلی کا گروپ فوٹو

پہلی بار سپریم کورٹ آیا، یہ حکومت ہی ناجائز ہے، مولانا فضل الرحمن

کیا عدالت میں وزیراعظم کے خلاف اس طرح آنا درست ہے؟ صحافی ......کیا آپ ایسے نالائق حکومت کیلئے ہمدردیاں پیدا کرنا چاہتے، مولانا فضل الرحمن

اپنی سیاسی جدوجہد عدالت میں نہیں لڑیں گے، ہم عدالت میں اپنی آئینی اور قانونی جدوجہد اپنے وکلا کے ذریعے لڑیں گے، بلاول

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ پہلی بار سپریم کورٹ آیا، یہ حکومت ہی ناجائز ہے۔ سپریم کورٹ کے باہر صحافی نے سوال کیا کہ کیا منتخب نمائندے ناکام ہوئے کہ اب معاملات کورٹ تک پہنچ گئے؟۔ جس پر مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ عدالت بھی پاکستان کا ایک ادارہ ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ ہر تین سال بعد منتخب ایسا ہونا (بقیہ نمبر 7)

ایئر مارشل محمد زاہد محمود، ہلال امتیاز (ملٹری) پاک فضائیہ کے نائب سربراہ مقرر

ایئر مارشل محمد زاہد محمود نے اپریل 1987 میں پاکستان ایئرفورس کی جی ڈی (پی) برانچ میں کمیشن حاصل کیا

اپنے شاندار کیریئر کے دوران انہوں نے کمبیٹ کمانڈرز اسکول اور ایک آپریشنل ایئر بیس کی کمانڈ کی

اسلام آباد (روبینہ فیصل) حکومت پاکستان نے ایئر مارشل محمد زاہد محمود، ہلال امتیاز (ملٹری) کو پاک فضائیہ کا نائب سربراہ مقرر کر دیا۔ ایئر مارشل محمد زاہد محمود نے اپریل 1987 میں پاکستان ایئرفورس کی جی ڈی (پی) برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ اپنے شاندار کیریئر کے دوران انہوں نے کمبیٹ کمانڈرز اسکول اور ایک آپریشنل ایئر بیس کی کمانڈ کی۔ آپ نے ایئر ہیڈ کوارٹرز میں بطور ڈپٹی چیف آف دی ایئر اسٹاف (پرسنل)، ڈائریکٹر جنرل سی 4آء اور اسسٹنٹ چیف آف دی ایئر اسٹاف (پلانز) خدمات سر انجام دیں۔ ایئر مارشل زاہد محمود کمبیٹ کمانڈرز سکول، نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد اور ایئر کمانڈ اینڈ سٹاف کورس (امریکہ) سے فارغ التحصیل ہیں۔ پاک فضائیہ میں ان کی شاندار خدمات (بقیہ نمبر 19)

حکومت اور اپوزیشن کو ریڈ زون میں جلسہ کرنے سے روک دیا گیا

حکومت کو پریڈ گراؤنڈ اور اپوزیشن کو ایچ 9 میں جلسہ کرنے کا آپشن دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے حکومت اور اپوزیشن کو ریڈ زون میں جلسہ کرنے سے روک دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ضلعی انتظامیہ میں (بقیہ نمبر 10)

گورنر پنجاب چوہدری سرور لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی ایئرپورٹ پر غیرملکی ایئرلائن کے طیارے کی ہنگامی لینڈنگ

کراچی (اے ایف بی) کراچی میں غیر ملکی ایئرلائن کے طیارے نے فنی خرابی کے باعث جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کی ہے۔ قطر ایئرویز کی پرواز کیو آر 579 دہلی سے دوحہ کے لیے شیڈول تھی۔ کپتان کو طیارے کے کارگو ہولڈ میں اسموگ سگنل ملا جس کی وجہ سے طیارے کو کراچی ایئرپورٹ اتارا گیا، پرواز میں 12 کریو ممبرز اور 283 مسافر سوار ہیں۔ طیارے کو رنوے (بقیہ نمبر 25)

کورونا سے مزید 2 مریض انتقال کر گئے

کورونا وائرس کے تشویشناک حالت میں موجود مریضوں کی تعداد 493 تک پہنچ گئی ہے

اسلام آباد (اے ایف بی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان میں مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کا مزید 2 مریض انتقال کر گیا جس کے بعد ملک میں (بقیہ نمبر 24)

گوادر اکنامک ڈسٹرکٹ کو ٹیکس فری درجہ ملنے کا امکان

مقصد غیر ملکی سرمایہ کاروں، تاجروں، کاروباری اداروں کو فوائد اور مراعات فراہم کرنا

اسلام آباد (اے ایف بی) گوادر اسمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے تحت مجوزہ اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کو ٹیکس فری سٹیٹس ملنے کا امکان ہے۔ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) نے گوادر اسمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے تحت 30 تا 35 سال (بقیہ نمبر 26)

نئے داخل ہونے والے ہزاروں طالبعلم کتابوں سے محروم

سوا لاکھ کتابوں کی فوری ضرورت، سٹوڈنٹس بازار سے کتابیں خریدنے پر مجبور ہو گئے

لاہور (ہادی حسین) مختلف سرکاری سکولوں میں نئے داخل ہونے والے ہزاروں طالبعلم کتابوں سے محروم، سوا لاکھ کتابوں کی فوری ضرورت، سٹوڈنٹس بازار سے کتابیں خریدنے پر مجبور ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سکولوں میں نئے داخل ہونے والے (بقیہ نمبر 11)

منحرف ایم این اے رمیش کمار کے گھر کے باہر احتجاج

مقدمہ میں دھمکیوں، ہتک آمیز الفاظ ادا کرنے سمیت مختلف دفعات درج

کراچی (اے ایف بی) پی ٹی آئی کے منحرف ایم این اے رمیش کمار کے گھر کے باہر احتجاج کرنے والے دو اراکین سندھ اسمبلی سمیت متعدد افراد پر (بقیہ نمبر 20)

بلاول بھٹو زرداری کی شہباز شریف سے ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے منسٹرز انکلیو میں قائد حزب (بقیہ نمبر 21)

OIC کانفرنس ٹریفک ڈائیورشن پلان جاری

سرینا چوک، اسٹیٹ بینک چوک ایکسپریس چوک اور ایوب چوک عام ٹریفک کیلئے بند ہونگے

21 مارچ تا 24 مارچ ریڈ زون عام ٹریفک کے لئے مکمل طور پر بند ہوگا، اسلام آباد ٹریفک پولیس

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) اسلام آباد میں ہونے والی OIC کانفرنس کے لیے اسلام آباد ٹریفک پولیس کا ٹریفک ڈائیورشن پلان 21- مارچ تا 24 مارچ، ریڈ زون عام ٹریفک کے لیے مکمل طور پر بند ہوگا۔ سرینا چوک، اسٹیٹ بینک چوک، ایکسپریس چوک اور ایوب چوک۔ عام ٹریفک کے لیے بند ہونگے۔ شہری آمد و رفت کے لیے متبادل راستے استعمال کریں ۔ سرینا چوک، اور (بقیہ نمبر 27)

سیاسی جماعتوں کے کارکن سلامتی کے اداروں کیخلاف مہم چلانے سے باز رہیں

پاک فوج اور ملک کے سلامتی کے ادارے ملک کی سلامتی، بقاء اور استحکام کی علامت ہیں، علماء مشائخ

وزارت داخلہ، اطلاعات اور متعلقہ ادارے پاک فوج اور ملک کے سلامتی کے اداروں کے خلاف مہم چلانے والے افراد کے خلاف فوری ایکشن لیں

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے جید علماء و مشائخ و مکاتب نے حزب اختلاف و اقتدار اور کارکنان سے اپیل ہے کہ وہ سیاسی جنگ میں پاک فوج اور ملک کے سلامتی کے اداروں کے خلاف مہم چلانے سے باز رہیں۔ پیر کو جاری مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاک فوج اور ملک کے سلامتی کے ادارے ملک کی سلامتی، بقاء اور استحکام کی علامت ہیں۔ علامہ عبدالحق مجاہد، حافظ محمد طاہر اشرفی، (بقیہ نمبر 12)

ایمان مزاری اور بلوچ طلبہ کے خلاف مقدمہ ختم

ڈپٹی اٹارنی جنرل سید محمد طیب شاہ نے اسلام آباد ہائی کورٹ کو آگاہ کر دیا

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی دارالحکومت میں نیشنل پریس کلب کے باہر احتجاج پر درج مقدمے کے اخراج کی درخواست میں اہم پیش رفت ہوگئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے ایمان مزاری اور بلوچ طلبہ کے خلاف مقدمہ اخراج کی درخواست پر سماعت کی۔ ایڈووکیٹ ایمان مزاری، وکیل (بقیہ نمبر 22)

مری روڈ لیاقت باغ کے قریب ٹریفک جام کے باعث گاڑیاں ون وے انڈر پاس سے گزر رہی ہیں

ڈی چوک جلسہ معاملے پر سیاسی جماعتوں سے رابطے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انتظامیہ نے ڈی چوک جلسہ معاملے پر سیاسی جماعتوں سے رابطے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق انتظامیہ کا جلسے کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس چیف کمشنر اسلام آباد کی زیر صدارت ہوا ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 28)

آصف علی زرداری کا جشن نوروز منانے والوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے شریک چیئرمین سابق صدر آصف علی زرداری نے جشن نوروز منانے والوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں آصف علی زرداری نے دنیا بھر میں جشن نوروز منانے والوں کو مبارکباد (بقیہ نمبر 29)

وفاقی وزیر و تحریک انصاف پنجاب کے صدر شفقت محمود پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پنجاب میں تبدیلی کے لئے مثبت اشارے ملے ہیں، عون چوہدری

گروپ متحد رہے اور مشاورت سے فیصلے کرے، جہانگیر ترین کی ہدایت

لاہور (این این آئی) ترین گروپ کے رہنما عون چوہدری نے جہانگیر ترین کو فون کر کے بتایا کہ پنجاب میں تبدیلی کے لئے مثبت اشارے ملے ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق ترین گروپ کے سربراہ جہانگیر ترین سے عون چوہدری نے ٹیلی فونک رابطہ کر کے حکومتی شخصیات سے رابطوں اور ملاقاتوں کے حوالے سے بریف کیا اور پرویز خٹک کے رابطے اور (بقیہ نمبر 13)

انسداد ڈینگی اقدامات نہ ہونے پر چیف سیکرٹری پنجاب کا نوٹس

لاہور (این این آئی) لاہور کے متعدد علاقوں میں سپرے سمیت انسداد ڈینگی اقدامات نہ ہونے پر چیف سیکرٹری پنجاب کامران علی افضل نے نوٹس لے لیا۔ چیف سیکرٹری نے ڈپٹی کمشنر (بقیہ نمبر 14)

کانسٹیبل افرا نذیر قتل کیس، ایس پی ٹریفک عارف شاہ کو عہدہ سے ہٹا دیا گیا

تحقیقاتی کمیٹی نے اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایس پی عارف شاہ کی معطلی کی سفارش کی ہے

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی پولیس کی جواں سال لیڈی کانسٹیبل افرا نذیر کی مشکوک اور پراسرار ہلاکت کے کیس میں ایس پی ٹریفک عارف شاہ کو عہدہ سے (بقیہ نمبر 30)

حکومت اپوزیشن کو ہر محاذ پر شکست دینے کیلئے تیار ہے، شفقت محمود

پاکستانی عوام 27 مارچ کو ثابت کر دیں گے وہ عمران خان کے ساتھ ہیں، عدم اعتماد کا شور مچانے والوں کو شرمندگی اور ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا

اپوزیشن بیرونی طاقتوں کے سازشی ایجنڈے کے ذریعے جمہوریت کو ڈی ریل کرنا چاہتی ہے، وفاقی وزیر تعلیم اور صدر تحریک انصاف پنجاب

راولپنڈی، انڈس ہوم ویلفیئر فاؤنڈیشن کے ممبران خواجہ سراؤں کے قتل کیخلاف احتجاج کر رہے ہیں

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی وزیر تعلیم اور تحریک انصاف پنجاب کے صدر شفقت محمود نے کہا ہے کہ 27 مارچ کو پاکستانی عوام ثابت کر دیں گے کہ وہ عمران خان کے ساتھ ہیں۔ ملک بھر سے جوق در جوق قافلے ڈی چوک اسلام آباد پہنچیں گے۔ ایک نجی ٹی وی سے گفتگو میں شفقت محمود کا کہنا تھا کہ 27 مارچ کا جلسہ ماضی کے تمام ریکارڈ توڑے گا۔ عدم اعتماد کا شور مچانے والوں کو شرمندگی اور ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ شفقت محمود نے کہا کہ اپوزیشن بیرونی طاقتوں کے سازشی ایجنڈے کے ذریعے جمہوریت کو ڈی ریل کرنا چاہتی ہے۔ اپوزیشن ملک کے خلاف منفی (بقیہ نمبر 31)

ایف سی ہیڈ کوارٹرز حکام کا اسلام آباد انتظامیہ کو مزید نفری دینے سے انکار

او آئی سی اجلاس، تحریکِ عدم اعتماد، جلسوں کے پیش نظر اسلام آباد کی سکیورٹی ہائی

اسلام آباد (اے ایف بی) ایف سی ہیڈ کوارٹرز حکام نے اسلام آباد انتظامیہ کو مزید نفری دینے سے انکار کر دیا جبکہ او آئی سی اجلاس، تحریکِ عدم اعتماد، حکومت اور اپوزیشن کے جلسوں کے پیشِ نظر دارالحکومت اسلام آباد کا سکیورٹی حصار انتہائی سخت کر دیا گیا ہے۔ ایف سی ہیڈ کوارٹرز حکام کی جانب سے وزارت داخلہ کو ایک مراسلہ لکھا گیا ہے جس میں اسلام آباد انتظامیہ کو مزید نفری دینے سے انکار کیا گیا ہے۔ حکام ایف سی ہیڈ کوارٹر کی جانب سے لکھے گئے مراسلے کے مطابق پہلے ہی ایک ہزار اضافی اہلکار بھجوا چکے ہیں، 2 (بقیہ نمبر 23)

چودہ دن کے اندر اسپیکر کو اجلاس بلانا چاہیے تھا

22 تاریخ کے بعد سیشن آئین کی خلاف ورزی ہوگا، فاروق ایچ نائیک

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور معروف قانون دان فاروق ایچ نائیک نے کہا ہے کہ چودہ دن کے اندر اسپیکر کو اجلاس بلانا چاہیے تھا، 22 تاریخ کے بعد سیشن آئین کی خلاف ورزی ہوگا۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ چودہ دن کے اندر اسپیکر کو اجلاس بلانا چاہیے تھا، 22 تاریخ کے بعد سیشن آئین کی خلاف ورزی ہوگا، یہ آرٹیکل 6 کی خلاف ورزی ہے۔ فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ جلسہ جلوس کرنا، احتجاج کرنا جمہوری عمل ہے۔

وزیراعظم سے مستعفی ہونے کے مطالبے کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

لاہور (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے مستعفی ہونے کے مطالبے کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کرادی گئی۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن پنجاب اسمبلی ربعیہ نصرت کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان (بقیہ نمبر 16)

حکومت ارکان پارلیمنٹ سے ووٹ کا حق نہیں چھین سکتی، شیری رحمان

اسلام آباد (اے ایف بی) سینیٹ میں پاکستان پیپلز پارٹی کی پارلیمانی لیڈر اور چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور شیری رحمان نے کہا ہے کہ آئین میں کہیں نہیں لکھا کہ ارکان پارلیمنٹ پارٹی لیڈر کی مرضی کے بنا ووٹ نہیں دے سکتے یا پارٹی کے حکم پر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکتے۔ آرٹیکل 63 اے بالکل واضح ہے، حکومت ارکان (بقیہ نمبر 17)

پیکا ترمیمی آرڈیننس کے خلاف درخواستوں پر سماعت ملتوی

چیف جسٹس اطہر من اللہ نے پی بی اے اور پی ایف یو جے سمیت دیگر درخواستوں پر سماعت کی

اسلام آباد (این این آئی) ہائی کورٹ میں پیکا ترمیمی آرڈیننس کے خلاف درخواستوں پر سماعت بغیر کارروائی 25 تک ملتوی کر دی گئی۔ پیر کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے پی بی اے اور پی ایف یو جے سمیت دیگر درخواستوں پر سماعت کی۔ اٹارنی جنرل خالد جاوید خان سپریم کورٹ میں مصروفیات کے باعث پیش نہ ہوئے (بقیہ نمبر 15)

گورنر پنجاب چوہدری سرور لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں برطانوی رکن پارلیمنٹ کی رکن توشینا مبارک کو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دے رہے ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

آئی ایم ایف سے قرضے کے حصول میں حکومتی مشکلات

دنیا بھر کی معیشتوں کے نگران ادارے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی طرف سے 96 کروڑ ڈالر کی اگلی قسط ملنے میں پاکستان کو غیر یقینی صورتحال کا سامنا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ آئی ایم ایف کی طرف سے پٹرول، ڈیزل اور بجلی کی قیمتوں میں ریلیف سمیت ٹیکس ایمنسٹی سکیم پر تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان پالیسی سطح کے ورچوئل مذاکرات آئندہ ہفتے دوبارہ متوقع ہیں۔ پاکستان اب تک آئی ایم ایف سے منظور شدہ 6 ارب ڈالر میں سے 3 ارب ڈالر حاصل کر چکا ہے۔ حکومت نے اگلی قسط حاصل کرنے کے لیے آئی ایم ایف سے بجلی اور پٹرولیم مصنوعات پر سبسڈی نہ دینے کا وعدہ کیا تھا۔ پاکستان کی تقریباً ہر حکومت نے آئی ایم ایف سے قرضے لیے۔ آج ان قرضوں کا حجم اس قدر بڑھ چکا ہے کہ لیے گئے قرضوں پر سود کی ادائیگی کے لیے بھی مزید قرضے لیے جا رہے ہیں۔ 2019ء میں اس وقت کے وزیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ نے آئی ایم ایف سے 6 ارب ڈالر قرضہ کے حصول کے لیے جو معاہدہ کیا تھا اس میں انتہائی کڑی شرائط بھی قبول کی گئیں چنانچہ قرضے کی پہلی اور دوسری قسط کی وصولی کے ساتھ ہی ملک میں پٹرول، ڈیزل، گیس، بجلی، پانی اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں 200 فیصد تک اضافہ کر دیا گیا۔ جو سبسڈی حکومت کی طرف سے مختلف اشیاء پر دی جاری رہی تھی وہ بھی آہستہ آہستہ ختم کر دی گئی چنانچہ ان اقدامات کے نتیجے میں مہنگائی آسمان کو چھونے لگی۔ عام آدمی کے لیے جسم اور روح کا رشتہ برقرار رکھنا مشکل ہو گیا۔ موجودہ حکومت نے سسکتے اور بلکتے عوام کی اشک شوئی کے لیے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی تو کی لیکن عوام الناس تک اس کے مثبت اثرات نہ پہنچ ہو سکے کیونکہ قیمتوں میں پہلے کیے گئے اضافہ کی وجہ سے یہ کمی اونٹ کے منہ میں زیرے کے مترادف ہے۔ اسی طرح حکومت نے سرمائے کی سرکولیشن اور سرمایہ کاری کے لیے ٹیکس ایمنسٹی سکیم متعارف کروائی لیکن ان حکومتی اقدامات پر آئی ایم ایف نے تحفظات کا اظہار کر دیا۔ اس وقت حکومت جس قسم کے داخلی مسائل میں مبتلا ہے اس کے لیے بہت سے چیلنجز درپیش ہیں۔ ایک طرف وہ قرضے کے حصول کے لیے عالمی ادارے کی شرائط پر عمل کرنے کی پابند ہے اور دوسری طرف عوام پر مزید بوجھ ڈالنے سے اسے عوام کی طرف سے سخت ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس صورتحال میں حکومت کو ایسی حکمت عملی وضع کرنے کی ضرورت ہے کہ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی بچ جائے۔

پاکستان اس وقت انٹرنیشنل سازش کا شکار ہو چکا ہے

۔منقول ا۔م۔انصاری

عمران خان کو ہٹانے کی عالمی سازش کا مقصد صرف نئے بلاک کی تشکیل روکنا ھے . پاکستان کو امریکی تسلط میں رکھنا ھے کیونکہ پاکستان وہ خطہ ھے جو آدھی دنیا کی قسمت بدل سکتا ھے . نئے بلاک کی تشکیل اور نئی کرنسی سے ڈالر بے وقعت ہو جائے گا اور ہم نے قرضہ ڈالر میں واپس کرنا ھے . بے وقعت ڈالر سے قرضے کی واپسی امریکہ اور آئی ایف ایم کے گلے کا پھندا بن چکا ھے اس لئے کسی بھی قیمت پہ عمران خان کا ہٹایا جانا بہت ضروری ھے . خطرناک ترین سازش تیار کی گئی اور سازش کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے اربوں ڈالر پھینک دیئے گئے . پاکستان تو بکنے والوں کی منڈی ھے . یہاں کلرک سے اقتدار کی غلام گردشوں کی مالک تک بکنے کو تیار بیٹھے تھے . لندن میں پلان ہوا اور ٹاسک مولانا کو ملا جو ہمیشہ امریکہ اور اسرائیل کے ٹکڑوں پہ پلتا ھے . اسٹیبلشمنٹ خاموش ھے . ایسا بلکل نہیں ھے کہ وہ گورنمنٹ کے ساتھ نہیں . وہ مکمل طور پہ ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑی ھے وہ خاموش اس لئے ہیں کہ سیاسی مفاد پرست بھیڑیے تو ایکسپوز ہو گئے لیکن وہ یہ بھی جاننا چاہتے ہیں کہ اسٹیبلشمنٹ میں سے کون کون اس سازش میں شریک ھے ؟ ایکسپوز ہوتے ہی صفایا کر دیا جائے گا . نواز شریف، مریم نواز، شہباز شریف، زرداری، فضل الرحمن، چھوٹے موٹے گروپ سبھی ایکسپوز ہو چکے ہیں لیکن ابھی کچھ لوگ ایکسپوز ہونا باقی ہیں اور اسٹیبلشمنٹ کو انہی کے ایکسپوز ہونے کا انتظار ھے . تبھی دھماکہ ہوگا . شاید اسٹیبلشمنٹ کے کچھ سینئر لوگ راتوں رات گرفتار بھی کر لیئے جائیں . اسٹیبلشمنٹ کو ایسے ہی شخص کی تلاش تھی جو مل گیا . روس چائنہ بلاک پہ اسٹیبلشمنٹ اور ریاست کی تین سالہ محنت ھے تو یہ کیسے ممکن ھے کہ تین سالہ محنت پہ بکاؤ عناصر کے دباؤ پہ پل بھر میں پانی پھیر دیا جائے . یہ ملک کی بقا کا مسئلہ ھے . ملکی معیشت کی بقا کا مسئلہ ھے . قوم کے معاشی مستقبل کی بقا کا مسئلہ ھے . ایسے حالات میں پرائم منسٹر کو ہٹانا کوئی بچوں کا کھیل نہیں . عمران خان کہیں نہیں جا رہے اور نہ ہی تحریک عدم اعتماد کامیاب ہو رہی ھے اگر ایسا ممکن ہوتا تو کب کی ریکوزیشن جمع کرائی جا چکی ہوتی ایسا ہونا ممکن نظر نہیں آتا . بظاہر اپوزیشن بہت طاقتور نظر آ رہی ھے لیکن یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ فوج کا کام ملکی سرحدوں کی حفاظت کرنا نہیں بلکہ ملکی اندرونی حالات کی حفاظت کرنا بھی ھے . آج کی عمران باجوہ میٹنگ میں یہی طے ہوا ھے کہ آپریشن ردالفساد پہ عمل درآمد کا وقت آن پہنچا ھے . آپریشن ردالفساد کا منشور ہی یہی ھے کہ ملک کے اندرونی دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے . تحریک کامیاب نہیں ہوگی قوم تماشہ مت دیکھے آنکھیں کھلی رکھے اور دیکھے کہ اس ملک کے ساتھ کیا کھلواڑ کیا جا رہا ھے . چند مدرسے چلانے والا ایک ملاں جو پہ در پہ شکست کا شکار ھے وہ اچانک اتنا طاقتور کیسے ہو گیا کہ ایک نیوکلیئر پاور رکھنے والی ریاست کے پرائم منسٹر کو چند دنوں میں ہی گھر بھیج دے اور دنیا و بائیڈن کو اعلانیہ میسج دے کہ ہماری مدد کرو ... بلکہ یہاں تک بھی کہ دے کہ دنیا عمران خان کے ساتھ معاہدے نہ کرے کیونکہ یہ اس ملک کا پرائم منسٹر نہیں ھے . مولانا کا یہ پیغام دنیا کیلئے نہیں تھا بلکہ روس اور چائنہ کیلئے تھا کہ کوئی معاہدہ نہ کیا جائے . ملک کے ساتھ اس سے بڑی غداری اور کیا ہو سکتی ھے ؟ بس مفادات کی ریس لگی ھے مصدقہ اطلاع ھے کہ فلور کراسنگ کے آئین کی پامالی کرنے والے کو چند ہی ہفتوں میں پارلیمنٹ سے نکال باہر کیا جائے گا . موجودہ تماشے پہ اسٹیبلشمنٹ سمیت تمام ادارے شدید غصے میں ہیں کہ جب پاکستان خوفناک اندرونی و انٹرنیشنل سازشوں کا شکار ھے اور چند ملک دشمن عناصر ملک میں عجب تماشہ لگائے بیٹھے ہیں . اس بار کسی سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی . کھلا پیغام ھے ملکی و غیر ملکی تمام تر سازشوں کے باوجود عمران خان کہیں نہیں جا رہا . حکومت اپنی مدت پوری کرے گی بلکہ عمران خان کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ھے کہ 2023 کا الیکشن عمران خان بھاری اکثریت سے جیتے گا . جہاں تک میں سمجھا ہوں . ترین علیم پریشر گروپ موجودہ حالات کی سنگینی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پی ٹی آئی میں واپسی چاہتا ھے کیونکہ عمران خان ان کے کرتوتوں کی وجہ سے انہیں مکمل طور پہ اگنور کر چکا ھے اور یہ پی ٹی آئی میں واپسی اور اپنے مقام کی بحالی چاہتے ہیں . اس کے علاوہ یہ عمران خان یا بزدار حکومت کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے پھر بھی اگر حالات سنگین ہوتے ہیں تو عمران خان کے پاس دو آپشن موجود ہیں . چوہدری نثار علی خان عرصہ دراز سے خاموش ہیں . کسی بھی ناگہانی میں اچانک سامنے آئیں گے اور ساری گیم کا پانسہ پلٹ کے چیف منسٹر بن جائیں گے . اگر اس میں بھی ناکامی ہوتی ھے تو یہ بات کنفرم ھے کہ پنجاب اسمبلی توڑ کے گورنر راج لگا دیا جائے گا . موجودہ حکومت کو کوئی خطرہ نہیں کیونکہ اب حکومت نہیں ریاست بچانے کی ضرورت ھے . ملک دشمن گھناؤنے بدنما چہروں کو کسی بھی قیمت پہ روکا جائے گا . کل کہا تھا کہ لڑائی میں شدت آنے والی ھے اور یہ لڑائی خونی بھی ہو سکتی ھے .. اندرونی ناکامی کی صورت میں امریکہ انڈیا کو بھی استعمال کر سکتا ھے . جنگ بھی چھیڑی جا سکتی ھے . بغض عمران میں اندھی قوم یہ اندازہ ہی نہیں لگا پا رہی کہ مسئلہ صرف عمران خان نہیں . اصل مسئلہ پاکستان کی سلامتی اور اس کا فیوچر ھے اصل مسئلہ سی پیک گوادر ھے . یہ عمران بچانے کا وقت نہیں ... ملک بچانے کا وقت ھے . اللہ سب کا حامی و ناصر ہو۔

گورنر راج ۔ حقیقت یا فسانہ

اُمید سحر

محمد ریاض

riazsurge@gmail.com

وزیر داخلہ شیخ رشید نے میڈیا پر بیان دیا کہ انہوں نے وزیر اعظم عمران خان کو صوبہ سندھ میں گورنر راج لگانے کی تجویز دی ہے۔ وزیر داخلہ کے اس بیان پر پاکستان کے موجودہ بگڑے ہوئے سیاسی حالات میں مزید اک بھونچال آ گیا، طرفین کے سیاستدانوں بالخصوص صوبہ سندھ کی حکمران جماعت نے شیخ رشید کے ان بیانات کی شدید الفاظ میں ناصرف مذمت کی بلکہ وفاقی حکومت کی جانب سے گورنر راج جیسی کسی بھی مہم جوئی کا بھرپور جواب دینے کا اعلان بھی کر دیا اور گورنر راج کو صوبہ سندھ کی عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف بھی قرار دیا۔ وکلاء برادری کی سب سے بڑی تنظیم پاکستان بار کونسل نے حکومت کی جانب سے گورنر راج نافذ کرنے کے بیانات پر اپنی پریس ریلز میں درج ذیل بیان دیا کہ وکلاء برادری وزیر داخلہ کے اس بیان کی پرزور مذمت کرتی ہے۔ محض قیاس آرائیوں اور حکمران جماعت کے منحرف افراد کے معاملے پر ہارس ٹریڈنگ کے مبینہ الزامات وفاقی حکومت کو گورنر راج کے نفاذ کا جواز فراہم نہیں کرتا۔ ملک میں سیاسی صورتحال پہلے ہی انتہائی کشیدہ ہے اور گورنر راج کا اعلان نہ صرف اس میں مزید اضافہ کرے گا بلکہ جمہوری عمل کو بھی نقصان پہنچائے گا۔ گورنر راج کا نفاذ سیاسی جماعتوں اور ان کے کارکنوں کے درمیان تصادم کو مزید بڑھا دے گا اور ملک کو غیر مستحکم کر دے گا جس سے نہ صرف جمہوریت کو نقصان پہنچے گا بلکہ یہ قوم کی ہم آہنگی اور اتحاد کو بھی تباہ کر دے گا۔ موجودہ صورتحال میں پاکستان بار کونسل وزیر اعظم کی توجہ مبذول کراتی ہے کہ وہ اپنے مشیروں سے ہوشیار رہیں جو اپنے اس طرح کے غلط خیالات اور مشوروں کی وجہ سے پہلے ہی اس صورتحال کا شکار ہو چکے ہیں۔ پاکستان بار کونسل نے کہا کہ قانونی برادری ملک میں قانون کی حکمرانی اور جمہوریت کی محافظ ہے۔ اگر موجودہ حکومت کی جانب سے ایسا غیر آئینی اور غیر جمہوری قدم اٹھایا گیا ہے تو وکلاء برادری اسکی نہ صرف مخالفت کرے گی بلکہ اس اقدام کے خلاف ہر ممکن مزاحمت بھی کرے گی۔ شیخ رشید کے بیان کے بعد اپوزیشن کے علاوہ حکومتی حلقوں بشمول شاہ محمود قریشی نے بھی صوبہ سندھ میں گورنر راج لگانے کی تجویز کی مخالفت کر دی ہے۔ حکومتی وزراء اور مشیران کے بیانات سے یہ بات تو طے شدہ ہے کہ حکومت بنچوں پر براجمان اکثریتی افراد آئین پاکستان سے ناآشنا ہیں۔ یاد رہے 18 ویں آئینی ترمیم کے بعد کسی بھی صوبہ میں ایمرجنسی یا گورنر راج لگانا اتنا آسان نہیں ہے جیسا کہ پہلے کبھی ہوا کرتا تھا۔ آئین پاکستان کے آرٹیکل 232 کے تحت صدر پاکستان کسی صوبہ میں ایمرجنسی نافذ کر سکتا ہے اگر اس صوبہ کے اندرونی حالات صوبائی حکومت کے کنٹرول سے باہر ہو جائیں تاہم کسی صوبہ میں ایمرجنسی کے نفاذ کے لیے اس صوبے کی صوبائی اسمبلی سے قرارداد پاس کروانے کی ضرورت ہو گی، مزید یہ کہ اگر صدر ایمرجنسی کا اعلان کرتا ہے تو ہنگامی حالت کا اعلان مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کے دونوں ایوانوں کے سامنے دس دنوں کے اندر ہر ایوان کی منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ اسی طرح آئین پاکستان کے آرٹیکل 234 کے تحت اگر صدر کسی صوبے کے گورنر کی طرف سے رپورٹ موصول ہونے پر مطمئن ہو کہ ایسی صورت حال پیدا ہو گئی ہے، جس میں صوبے کی حکومت کو آئین کی دفعات کے مطابق نہیں چلایا جا سکتا تو صدر اعلان کے ذریعے یا اگر کوئی قرارداد منظور کر سکتا ہے ۔ اس سلسلے میں پارلیمنٹ کے ہر ایوان سے الگ الگ منظور کیا جائے گا۔ یہ بات طے شدہ ہے کہ آئین پاکستان کے آرٹیکلز 232 اور 234 صوبہ میں ایمرجنسی یا گورنر راج کے سلسلہ میں بھرپور رہنمائی کرتے دیکھائی دیتے ہیں۔ آئین پاکستان کی رو سے گورنر راج لگانے کے لئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں قومی اسمبلی اور سینٹ سے منظوری لینا لازمی ہے جبکہ حالت یہ ہے حکومت وقت کو اپنے اقتدار کو بچانے کے لالے پڑے ہوئے ہیں۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا کہ عمران خان نے اگر گورنر راج لگانے کا کہا تو وہ ایک سیکنڈ بھی دیر نہیں لگائیں گے۔ پاکستان کی بدقسمتی ہی کہہ سکتے ہیں کہ قانون ساز اداروں (پارلیمنٹ) میں بیٹھے اراکین اسمبلی آئین پاکستان سے ناواقف ہیں اور اپنی کم علمی و فہم کی بناء پر مملکت پاکستان میں آئینی و سیاسی بحرانوں کے موجد بن جاتے ہیں۔ 22 سالہ سیاسی جدوجہد کے بعد مسند اقتدار پر براجمان وزیر اعظم عمران خان کی حکومت کی حالت زار کے ذمہ دار وزیر اور مشیر ہیں اور سب سے بڑھ کر عمران خان بھی زیادہ ذمہ دار ہیں جنہوں نے ادھر اُدھر سے آئے روایتی اور مفاد پرستوں کو وزارتوں سے نوازا۔ حالانکہ عمران خان کی سیاسی جدوجہد میں عمران خان کے ساتھ حامد خان، جسٹس (ر) وجیہہ الدین جیسے منجھے ہوئے قانون دان شامل رہے ہیں مگر افسوس اقتدار پر براجمان ہونے کے بعد عمران خان نے چن چن کر اپنے سب سے قابل اور مخلص ساتھیوں کو اپنے سے دور کر لیا اور روایتی سیاستدانوں کو اپنا ہم نوالہ اور کچن کیبنٹ کا حصہ بنا لیا۔ موجودہ سیاسی حالات میں عمران خان کی اپنے پارٹی ایم این ایز پر گرفت ہاتھ میں پکڑی ریت کی طرح کھسک رہی ہے، الیکٹیبلز کے نام پر پارٹی میں لوٹوں کو شامل کرنے کے نتائج اس وقت سامنے آ رہے ہیں۔ جبکہ جلتی پر تیل ڈالنے والا کام کرتے ہوئے مشیران قومی اسمبلی میں اپنی عددی برتری 172 ایم این ایز کو شو کروانے کی بجائے پارلیمنٹ کے باہر تصادم کی راہ تلاش کر رہے ہیں اور 27 مارچ کو جلسہ عام کی تیاریاں کر رہے ہیں اور اسکے ساتھ ساتھ ایم این ایز حضرات کو بالواسطہ ڈرا رہے ہیں کہ 10 لاکھ پی ٹی آئی ورکرز کی موجودگی میں آپ قومی اسمبلی میں کیسے اندر جائیں گے اور عمران خان کے خلاف ووٹ دے کر باہر کیسے نکلیں گے۔ آخری اطلاعات کے مطابق وزیر اعظم نے گورنر راج کے آپشن کو مسترد کر دیا ہے۔

حکومتِ وقت سے میرا تقاضا

تحریر۔ کشف عبیر

وزیر اعظم عمران خان اور وزیر تعلیم کے نام خط السلام علیکم! امید نہیں بلکہ یقین ہے آپ خیریت ہی سے ہوں گے۔ اور گھبراتے آپ ویسے بھی نہیں (ماشاءاللہ)۔ انٹرنیٹ یا سوشل میڈیا کے ذریعے آپ سے کیسے رابطہ کیا جا سکتا ہے نہیں جانتی کیونکہ میں اب ان mediums کا استعمال سیکھ رہی ہوں۔ مجھے فی الحال عوامی للکار کا یہ پلیٹ فارم میسر ہے سوچا اسی دریا میں اپنی ناؤ، جسے کم و بیش 100 برسوں سے سنبھال کے بیٹھی ہوں، چھوڑ دوں اور میں اللہ سے دعا گو ہوں کہ عمران خان آپ اور وزیر تعلیم کے وسیلہ سے اسے کنارہ نصیب ہو۔ اور اگر آپ نے میرا مسئلہ حل نہ کیا تو میں اللہ سے آپ کی شکایت کر دوں گی۔ کیا آپ نے سورہ مجادلہ میں پڑھا ہے کہ اللہ کیسے اپنی کمزور بندی بی بی خولہ کی فریاد براہ راست سنتا ہے۔ اور اگر خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے جلیل القدر حکمران حضرت خولہ کی شکایت گلی کوچوں میں کھڑے ہو کر سن سکتے ہیں تو پھر آپ میری کیوں نہیں؟؟؟ میں آپ سے کہنا چاہتی ہوں کہ جب تک ذہنوں میں " ٹینشن اور فرسٹریشن " کی اجارہ داری ہے اس وقت تک " کرپشن " سے پاک پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا ۔ جب تک لوگوں کی اپنی زندگیاں ویران ہیں آپ کو کیا لگتا ہے کتنے لوگ سرسبز پاکستان کی مہم میں آپ کا ساتھ دیں گے ؟؟؟۔ بنجر ذہنوں میں چاہے جتنا مرضی صحتمند اور سودمند بیج بو دیں، کیا حاصل ہوتا ہے؟؟ اور اسی طرح ٹیڑھی بنیاد پر سیدھی دیوار تعمیر کرنا کس قدر مشکل ہوتا ہے اس کا اندازہ آپ کو سیاسی میدان میں کئی سالہ جدوجہد اور چار سالہ دور حکومت میں ہو ہی گیا ہوگا۔ میرا حکومت سے تقاضا ہے کہ تمام سرکاری اور نجی سکولوں اور کالجوں میں اساتذہ کے ساتھ ساتھ سائیکالوجسٹ اور کیریئر کونسلنگ ایکسپرٹ کی بھرتیوں کو لازمی قرار دیا جائے۔ اساتذہ کو بھی اس سلسلے میں رہنمائی فراہم کی جائے بصد احترام خود اساتذہ کو بھی اس چیز کی اشد ضرورت ہے۔ اسکول اور کالج اذہان کی ایسی نرسریاں ہیں جن کی آبیاری کر کے آپ پاکستان کو مستقبل میں زیادہ سرسبز و شاداب پائیں گے ان شاء اللہ۔ سکول سے باہر بھلے جتنے بھی بچے ہوں سکول، کالج اور یونیورسٹی سے فارغ التحصیل طلباء ان بچوں کے لئے نصابی درس نہ سہی لیکن ایک اخلاقی اور فلاحی درس ضرور ثابت ہوں۔ میرا حکومت سے تقاضا ہے کہ root level پر ہی ایسے مسائل حل کر دیے جائیں جنہوں نے آگے جا کر گھمبیر ہو جانا ہو۔۔۔ اور عمران خان آپ یہ یقیناً کر سکتے ہیں اور آپ میری اس بات سے بھی اتفاق کریں گے کہ صحت مند نفسیات رکھنے والوں کو راہ راست پر لانا نسبتاً آسان ہوتا ہے کیونکہ بحیثیت ایک لیڈر یہ بھی آپ ہی کو طے کرنا ہے کہ آپ نے صحت مند ذہن رکھنے والی ایک باشعور قوم کا وزیر اعظم بننا ہے یا نفسیاتی طور پر disturbed ہجوم کا۔

نفسیاتی معاشرے کی متاثرہ
کشف عبیر

عنوان: عورت کون ہے؟

سیّدہ منیب حجاب بخاری

اگر تاریخ پر نظر ثانی کی جائے تو اسلام سے قبل عورت کو پیدا ہوتے ہی مار دیا جاتا اور زندہ درگور کر دیا جاتا۔ اکثر لوگ بیٹیوں کو وراثت سے عاق کر دیتے۔ عورت کو اپنے حق میں بولنے کی آزادی نہیں تھی۔ لوگ بیٹیوں کو تعلیم دینے کے حق میں نہیں تھے۔ اگر کوئی لڑکی ہمت کر کے اپنے حق کے لیے آواز بلند کرتی تو اُسے بدکردار سمجھ کر سنگسار کیا جاتا۔ مرد جب شراب کے نشے میں جوا ہار جاتے تو بیٹیوں کو بیچ دیتے۔ شادی کے نام پر بڑی رقم وصول کر کے اپنی بیٹی سے ترک تعلق کر لیتے۔ اُس کے بعد بیٹی زندہ رہے یا مر گئی کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا۔ یا پھر بیٹی کا نوعمری میں نکاح کر دیا جاتا۔ جو زنا کے برابر ہے۔ حلال رشتوں کا کوئی تقدس نہیں تھا۔ ماں، بہن، بیٹی ان رشتوں کو پامال کیا جاتا۔ اور اسی کے ساتھ ساتھ جو عورتیں زندہ تھیں۔ وہ بھی شدید پستی کا شکار تھی۔ باریک لباس زیب تن کرتی۔ خُوب بناؤ سنگار کر کے گلی چوباروں پر کھڑے ہو کر اپنے بدن کی نمائش کرتی۔ ہر آنے جانے والے کو باقاعدہ خواہش پوری کرنے کی سرعام دعوت دیتی۔ زور زور سے ہنستی۔ بے مطلب گھروں سے بنا پردے باہر نکلتی۔ بازار میں گشت کرتی اور شام گئے گھر سے باہر رہتی اس طرح غیر مسلمان لوگوں اور مذاہب کی عورت ذات کے لیے رائے اچھی نہیں تھی۔ نہ ہے ۔ کچھ مشہور خیالات درجہ ذیل ہیں۔ یونانی

- کہنا کی
- بیٹی - کی تعلیمات
- سب ، لونڈیوں ،

۔ یورپ جاتا

تھے۔ مگر جب اسلام کا ظہور ہوا جہاں میں نور اور پاکیزگی کا اطلاق ہوا۔ معاشرے میں عورت کی حفاظت اور عزت کے لیے اللہ نے اپنی کتاب قرآن میں ایک صورت نازل کی جس کا نام سورۃ النسا ہے۔ جس دن یہ صورت ہمارے آخری نبی حضرت محمد پر نازل ہوئی۔ اُسی دن عورتوں کو تمام جائز حقوق مل گئے۔ اس سے قبل کسی بھی مذہب میں عورتوں کو ایسے آزادانہ حقوق حاصل نہیں تھے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ "اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا فرمایا پھر اسی سے اس کا جوڑ پیدا فرمایا۔ پھر ان دونوں میں سے بکثرت مردوں اور عورتوں (کی تخلیق) کو پھیلا دیا۔" القرآن، النسا، اگر سورت النسا کا بغور مطالعہ کیا جائے تو یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ مالک کل جہاں کے لیے مرد اور عورت دونوں برابر ہیں۔ عورت پر سے ذلت کا نشان ہٹا دیا گیا۔ اسلام عورت کے لیے تربیت اور نفقہ کے حق کا ضامن بنا۔ اسلام میں عورت کو روٹی، کپڑا، مکان، تعلیم اور علاج کی سہولت دینا گھر کے سرپرست کی ذمہ داری ہے ، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت وہ مقام عطا فرمایا جو آج تک کسی مذہب میں حاصل نہیں اب اگر عورت ماں ہے تو اس کے پاؤں کے نیچے جنت بیٹی ہے تو بخشش کا ذریعہ بیوی ہے تو ایمان کی تکمیل کا ذریعہ بہن ہے تو غیرت کا ذریعہ عورت اگر بیوی کے روپ میں تھی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا:- خدیجہ اگر تم میری جلد بھی مانگتی تو میں اتار کر دے دیتا۔ جب یہی عورت بیٹی کے روپ میں تھی تو نبی کریم ﷺ نے نہ صرف کھڑے ہو کر اس کا استقبال کیا بلکہ فرمایا:- میری بیٹی فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے۔ اور جب یہ عورت بہن کے روپ میں تھی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا:- کہ بہن تم نے خود آنے کی زحمت کیوں کی تم پیغام بھجوا دیتی، میں سارے قیدی چھوڑ دیتا اور جب یہ عورت ماں کے روپ میں آئی تو قدموں میں جنت ڈال دی گئی اور حسرت بھری صدا بھی تاریخ نے محفوظ کی فرمایا گیا:- اے صحابہ کرام کاش! میری ماں زندہ ہوتی میں نماز عشاء پڑھا رہا ہوتا، میری ماں ابھی محمد پکارتی، میں نماز توڑ کر اپنی ماں کی بات سنتا، عورت کی تکلیف کا اتنا احساس فرمایا گیا کہ دوران جماعت بچوں کے رونے کی آواز سنتے ہی قرأت مختصر کر دی اے امت محمد یہ کی بیٹیوں تم بہت عظمت والی ہو عورت عظیم ہے، عورت محبت ہے، عورت خوشبو ہے، مسکراہٹ ہے، راحت ہے، زندگی کی ابتدا اور بقا بھی عورت ہے عورت نبیوں ولیوں کو پیدا کرنے والی ہے، اس سے بڑھ کر اس کی عظمت کیا ہوگی عورت جنت جس کے قدموں میں، جس کی اک نگاہ سے جہنم یا جنت کا فیصلہ ہو جائے عورت بازار میں بکنے والی شے نہیں۔ جو خود کو بیچتی ہیں یا جو سبب بنتے ہیں دونوں انسانیت سے خارج ہیں۔ عورت اور مرد کی برابری کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ تلدونوں کا آپ میں تقابل ہی نہیں عورت کا اخلاق و کردار القران کی آیات میں موجود ہے اگر یہ باتیں کسی بھی عورت میں ہو تو وہ صرف گھر نہیں بلکہ پوری نسل سنوار دیتی ہے ۔ مردوں پر اپنی حکمرانی نہیں بلکہ مردوں کی حکمرانی کو تسلیم کرنے والی ہوتیں ہیں۔ کیونکہ اللہ نے مردوں کو عورت پر نگران بنایا ہے ۔ پردے کی سخت پابند ہوتی ہیں ۔عصمت اور نگاہوں کی حفاظت کرتی ہیں۔ کسی نامحرم کی نظر خود پر نہیں پڑنے دیتی۔ شوہر کی غیر موجودگی میں بھی اپنی عزت مال و متاع کی حفاظت کرتی ہیں اور یہی ایک مضبوط پلس پوائنٹ ہے دین دار لڑکیوں کا کہ انکے مردان پر کامل اعتماد کرتے ہیں۔ دیندار لڑکیوں کی ایک خوبی یہ بھی ہوتی ہے کہ وہ صالحت اور شوہر کی بہت فرمانبردار ہوتی ہیں۔ کسی بھی نامحرم سے بات کرتے ہوئے شرعی حدود کا خاص خیال رکھتیں جیسے بازار میں خریداری کے دوران ۔ دیندار لڑکی جتنی عزت و خدمت اپنے والدین کی کرتی ہے اس سے زیادہ اپنے سسرال والوں کی کرے گی تا کہ اس کے شوہر کی عزت بڑھے۔ آج کل کے بیہودہ لباس سے متاثر ہونے کی بجائے حیا کو ترجیح دیں ۔ جس لباس میں حیا کا پہلو نمایاں ہو وہ پہننے میں کوئی حرج نہیں۔ عورت اپنا زیادہ وقت اللہ کی یاد اور اطاعت گزاری میں صرف کرتی ہے ... سب سے اہم چیز اولاد کی تربیت ہوتی ہے وہ اپنی اولاد کو قرآن کا وارث بناتی ہے ۔ ایک دیندار عورت کی معاشرے میں الگ ہی شان ہوتی ہے سب لوگ انکی عزت کرتے ہیں۔ اور انکی عزت انکے شوہر کی عزت کو بڑھاتی ہے ۔ دیندار لڑکیاں سلیقہ مند ہوتی ہیں وہ گھر کی دیکھ بھال کرتی ہیں اور کفایت شعار ہوتی ہے ۔ اکثر لڑکیاں جو دیندار ہیں وہ گھر کی چار دیواری میں رہتی ہیں تو انہیں سازشیں چالاکیاں نہیں آتیں جسکی وجہ سے انکی زندگی پرسکون گزرتی ہے لڑکی کا جتنا باقی لوگوں سے میل میلاپ کم ہوتا ہے اتنی ہی لڑکی شرم و حیا کا پیکر بنتی ہے

علامہ اقبال نے کیا خوب فرمایا۔

وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ
اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دُروں
شرف میں بڑھ کے ثُریا سے مُشتِ خاک اِس کی
کہ ہر شرف ہے اسی دُرج کا دُرِ مکنوں
مکالمات فلاطوں نہ لکھ سکی، لیکن
اسی کے شُعلے سے ٹوٹا شرار افلاطوں

او آئی سی وزرائے خارجہ اجلاس، پاکستان سفارت کاری کے اعتبار سے عالمی توجہ کا مرکز

سید مجتبیٰ کے قلم سے

سید مجتبیٰ رضوان

Email smrizwan_adil@hotmail.com

پاکستان سفارت کاری کے اعتبار سے ایک بار پھر عالمی توجہ کا مرکز بنتا جا رہا ہے پاکستان کی میزبانی میں او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کا اڑتالیسویں اجلاس 22 سے 23 مارچ اسلام آباد میں ہو گا جس میں شرکت کے لئے 48 ممالک تصدیق کر چکے ہیں۔ تنظیم تعاون اسلامی (او آئی سی) اقوام متحدہ کے بعد دنیا کی دوسری سب سے بڑی بین الحکومتی تنظیم ہے۔ مسلم علما اور مدبرین کی جانب سے عالمی اسلامی تنظیم کے تصور پر دہائیوں تک جاری والے غور و خوض کے بعد اس کی بنیاد 1969 میں ایک چارٹر کے ذریعے رکھی گئی اور اس تنظیم کا صدر مقام سعودی عرب کے شہر جدہ میں قائم ہے۔ او آئی سی میں 57 ممالک شامل ہیں جن کی مجموعی آبادی دو ارب کے قریب ہے۔ او آئی سی اپنے رکن ممالک سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو لاحق باعث تشویش مسائل حل کرنے کے لیے بین الاقوامی میکنزم بشمول اقوام متحدہ کا ہر خصوصی ادارہ، حکومتوں، اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کی شراکت دار ہے۔ 2005 میں او آئی سی نے دہشت گردی، اسلاموفوبیا، ناقص طرز حکمرانی، اور اقتصادی عدم مساوات سمیت مسائل سے نمٹنے کے لیے 10 سالہ منصوبے کی منظوری دی۔ او آئی سی بین الاقوامی طور پر انسانی امداد کے لیے بھی سرگرم ہے۔ تنظیم نے 2008 میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی تنظیموں کی سرگرمیوں کو مربوط کرنے کے لیے اسلامی تعاون کے انسانی امور کا محکمہ (آئی سی ایچ اے ڈی) قائم کیا۔ بعد ازاں او آئی سی نے 2011 میں صومالیہ میں تباہ کن قحط کے جواب میں 40 سے زیادہ اسلامی امدادی اور سول سوسائٹی کی دوسری تنظیموں کے ذریعے پورے ملک میں امدادی سامان کی فراہمی کا اہتمام کیا۔ 2018 میں او آئی سی ممالک کا ترکی کے شہر استنبول میں اجلاس ہوا جس کا مقصد ہلال احمر اور ریڈ کراس کی قومی سوسائٹیوں کے درمیان نیٹ ورک قائم کا قیام تھا تا کہ انسانی مسائل کے حل سمیت تنظیم کے رکن ممالک میں انسانی مشکلات انتہائی موثر انداز میں کم کی جا سکیں۔ مسلم ممالک کے درمیان بعض اختلافات کے باوجود او آئی سی نے طویل المدت ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اپنی سرگرمیوں اور امداد سمیت صحت، تعلیم اور زراعت کے شعبوں میں اقدامات کے ذریعے ان ملکوں کو متاثر کیا ہے۔ او آئی سی کا پہلا سربراہی اجلاس 1969 میں مقبوضہ بیت المقدس میں مسجد اقصیٰ کو نذر آتش کرنے پر مسلمانوں کے عالمی غصے کے بعد مراکش کے دارالحکومت رباط میں ہوا تا کہ اس واقعے کے نتائج کے حوالے سے فیصلے کیے جا سکیں۔ یہ رباط سمٹ ہی تھی جس نے ثابت کیا کہ یہ صرف عرب دنیا کا مسئلہ نہیں بلکہ عالم اسلام کا بھی مسئلہ ہے ۔ رباط کانفرنس نے 1967 کی عرب اسرائیل جنگ میں عربوں کی شکست کے بعد ان کے حوصلے بلند کرنے میں مدد کی. او آئی سی وزرائے خارجہ کا پہلا اجلاس 1970 میں جدہ میں ہوا جس میں تنظیم کے سیکرٹری جنرل کی سربراہی میں جدہ میں ایک مستقل سیکرٹریٹ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ڈاکٹر یوسف احمد العثیمین 11 ویں سیکرٹری جنرل ہیں جنہوں نے نومبر 2016 میں عہدہ سنبھالا۔ او آئی سی کی وزرائے خارجہ کونسل کا پہلا غیر معمولی اجلاس بھی اسلام آباد میں جنوری 1980 میں منعقد ہوا تھا جس میں افغانستان کی صورت حال پر غور کیا گیا۔ پاکستان میں او آئی سی کا اس طرح کا دوسرا اجلاس 2007 میں ہوا تھا۔ پاکستان سفارت کاری کے اعتبار سے ایک بار پھر عالمی توجہ کا مرکز بنتا جا رہا ہے پاکستان کی میزبانی میں او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کا اڑتالیسویں اجلاس 22 سے 23 مارچ اسلام آباد میں ہو گا جس میں شرکت کے لئے 48 ممالک تصدیق کر چکے ہیں۔ تنظیم تعاون اسلامی OIC ایک بینالاقوامی تنظیم ہے جس میں مشرق وسطی، شمالی، مغربی اور جنوبی افریقا، وسط ایشیا، یورپ، جنوب مشرقی ایشیا اور برصغیر اور جنوبی امریکا کے 57 مسلم اکثریتی ممالک شامل ہیں۔ او آئی سی دنیا بھر کے 1.2 ارب مسلمانوں کے مفادات کے تحفظ کے لیے کام کرتی ہے او آئی سی 21 اگست 1969ء کو مسجد اقصی پر یہودی حملے کے ردعمل کے طور پر 25 ستمبر 1969ء کو مراکش کے شہر رباط میں او آئی سی کا قیام عمل میں آیا۔ سال میں ایک مرتبہ فیصلوں پر عملدرآمد کی صورتحال اور غور کے لیے وزرائے خارجہ کا اجلاس طلب کیا جاتا ہے ۔ طالبان کے افغانستان میں برسر اقتدار آنے کے بعد ملک کی تشویشناک صورتحال اور سنگین انسانی بحران کے خدشے کے باعث پاکستان کی کوششوں سے سعودی عرب کی دعوت پر او آئی سی وزرائے خارجہ کا غیر معمولی اجلاس 19 دسمبر 2021 کو پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں ہوا۔ او آئی سی کا مستقل دفتر سعودی عرب کے شہر جدہ میں قائم ہے۔ اس وقت او آئی سی کے سیکرٹری ایاد بن امین مدنی ہیں جن کا تعلق سعودی عرب سے ہے ۔ وہ 31 جنوری 2014ء سے اس عہدے پر فائز ہیں۔ اسلام آباد اجلاس میں 100 سے زائد قراردادیں پیش کی جائیں گی جبکہ اجلاس میں مسئلہ کشمیر و فلسطین پر خصوصی طور پر قراردادیں منظور ہونے کی توقع ہے اور اسلاموفوبیا پر بھی قرارداد منظور کی جائے گی۔ اجلاس کے دوران افغانستان میں خانہ جنگی اور انسانی المیہ سے بچنے کے لئے اقدامات پر بھی بات کی جائے گا۔ او آئی سی کی سائیڈ لائنز پر او آئی سی کشمیر کانٹیکٹ گروپ کا اجلاس بھی منعقد ہوگا جبکہ اجلاس میں او آئی سی کشمیر کانٹیکٹ گروپ کے مقبوضہ کشمیر پر مشاہدات کی رپورٹ بھی پیش کی جائے گی۔ اجلاس کے باعث وفاقی دارلحکومت میں 21, 22, 23, 24 مارچ کو عام تعطیل کا اعلان کر دیا گیا ہے جبکہ سیکیورٹی کے تمام انتظامات بھی مکمل کر لیئے گئے ہیں۔ پاکستان افغان معاملے پر او آئی سی اجلاس کی میزبانی کر چکے ہیں، پوری دنیا نے افغانستان میں پاکستان کے کردار کو سراہا ہے، او آئی سی کے چارٹر میں بھی پاکستان کا کردار رہا ہے۔ اسلامی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ کی کونسل کے غیر معمولی اجلاس کے کامیاب انعقاد کے بعد اور او آئی سی کے وزرائے خارجہ کونسل کے 48 ویں اجلاس کی میزبانی کرنا پاکستان کیلئے بڑے اعزاز کی بات ہے۔ او آئی سی اجلاس کا عنوان "اتحاد" ہے ۔ اسلام آباد میں ہونے والی اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس کے لئے آفیشل ترانہ لانچ کر دیا گیا ہے جس کا تھیم "اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور تفرقے میں مت پڑو " رکھا گیا ہے۔ او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کے آفیشل ترانے کے لانچ کی تقریب ہوئی جس میں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ او آئی سی وزرائے خارجہ اجلاس کے لئے وزارت اطلاعات کی بہت کاوشیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چند ماہ میں پاکستان دوسری مرتبہ امت مسلمہ کی میزبانی کر رہا ہے ، امت مسلمہ کے رہنما 23 مارچ پریڈ میں بھی شریک ہوں گے، مسلم امہ کو اس وقت بہت سے مسائل درپیش ہیں۔ کشمیر اور فلسطین کا مسئلہ پہلے سے زیادہ اہمیت اختیار کر گیا ہے، پوری دنیا اسلاموفوبیا سے نمٹنے کے لئے متفق ہو گئی ہے، بھارت میں اقلیتوں کے خلاف مظالم پر دنیا کی توجہ مبذول کروائیں گے مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ افغانستان کے مسئلہ کی سنگینی ہماری نظروں سے اوجھل نہیں ہو سکتی، او آئی سی کے اجلاس کی اہمیت اس لئے بھی ہے کہ آج دنیا کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کا کہنا کہ ان چیلنجز پر مل بیٹھ کر تبادلہ خیال کیا جائے گا، او آئی سی اجلاس میں 100 سے زائد قراردادیں پیش کریں گے، کوشش ہوگی کہ اس اجلاس کے ذریعے مسئلہ کشمیر پر دنیا کی توجہ مبذول کروائیں، او آئی سی اجلاس کا عنوان "اتحاد" ہے ۔ چند ماہ میں پاکستان دوسری مرتبہ امت مسلمہ کی میزبانی کر رہا ہے، او آئی سی وزرائے خارجہ اجلاس کیلئے وزارت اطلاعات کی بہت کاوشیں ہیں، اسلام آباد میں ہونے والے اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) وزرائے خارجہ کونسل کے 48 ویں اجلاس پر متحدہ اپوزیشن نے مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اسلامی دنیا کے وزراء خارجہ، مندوبین، اور دیگر شخصیات کی آمد کا خیر مقدم کرتے ہیں، معزز مہمانوں کی آمد ہمارے لیے باعث افتخار ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ او آئی سی کے معزز مہمانوں کی تکریم کے لیے متحدہ اپوزیشن نے لانگ مارچ کی تاریخوں میں تبدیلی کی اور متحدہ اپوزیشن نے کارکنان کو 25 مارچ سے پیشتر اسلام آباد نہ آنے کی ہدایت کی۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ اسلامی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ کی کونسل کے غیر معمولی اجلاس کے کامیاب انعقاد کے بعد اور او آئی سی کے وزرائے خارجہ کونسل کے 48 ویں اجلاس کی میزبانی کرنا پاکستان کیلئے بڑے اعزاز کی بات ہے۔ اسلام آباد میں او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کے 48 ویں اجلاس کے انتظامات سے متعلق اعلی سطح کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان سفارت کاری کے اعتبار سے ایک بار پھر عالمی توجہ کا مرکز بنتا جا رہا ہے وزیر خارجہ کو بتایا گیا کہ او آئی سی کے وزرائے خارجہ کونسل کے 48 ویں اجلاس کے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ او آئی سی کے منشور میں رکن ممالک کے درمیان بھائی چارے اور یکجہتی کا فروغ اور استحکام دینا شامل ہے۔ مشترکہ مفادات کا تحفظ اور رکن ممالک کے جائز مقاصد کی حمایت اور عالم اسلام کو بالخصوص اور عالمی برادری کو درپیش چیلنجوں کے پیش نظر رکن ممالک کی کوششوں کو مربوط اور متحد کرنا بھی اس کے منشور کا حصہ ہے ۔ او آئی سی حق خودارادیت اور ملکی معاملات میں عدم مداخلت، ہر رکن ریاست کی خودمختاری، آزادی اور علاقائی سالمیت کا احترام اور مشترکہ مفادات کو محفوظ بنانے کے لیے عالمی سیاسی، اقتصادی اور سماجی فیصلہ سازی کے عمل میں رکن ممالک کی فعال شرکت کو یقینی بنانا بھی تنظیم کے مقاصد میں شامل ہے۔ او آئی سی اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی قانون کے مطابق انسانی حقوق کے لیے حمایت کی تصدیق، بین الاسلامی اقتصادی اور تجارتی تعاون کو مضبوط کرنا، اقتصادی انضمام کو حاصل کرنے کے لیے جس کے نتیجے میں اسلامی مشترکہ منڈی قائم ہو، رکن ممالک میں پائیدار اور جامع انسانی ترقی اور اقتصادی بہبود کے حصول کے لیے سرگرم عمل ہے۔ تنظیم تعاون اسلامی اسلام کی حقیقی تصویر کے تحفظ اور تہذیبوں اور مذاہب کے درمیان مکالمے کی حوصلہ افزائی کے لیے کوشاں ہے۔ اس کے علاوہ مسلمان ملکوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے فروغ اور ترقی سمیت ان شعبوں میں رکن ممالک کے درمیان تحقیق اور تعاون کی حوصلہ افزائی لیے بھی سرگرم عمل ہے۔

فائٹر بیٹی



بزم درویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

help@noorekhuda.org

معصوم یتیم مریم بیٹی اپنی بیوہ ماں کے ساتھ مٹھائی لے کر میرے پاس آئی تھی دونوں ماں بیٹیاں پچھلے چھ ماہ سے لگاتار میرے پاس آ رہی تھیں ۔ مریم دو سال کی تھی جب باپ انتقال کر گیا۔ مریم کی ماں جوان تھی گھر والوں نے ایک سال بعد کسی سے شادی کروا دی جو عیاش نکلا چند ماہ بعد ہی مریم کی ماں کو طلاق دے کر بھاگ گیا اس تلخ تجربے کے بعد مریم کی ماں نے دوبارہ شادی سے توبہ کر لی۔ پڑھی لکھی تھی سکول میں نوکری کر لی' گھر میں کپڑوں کی سلائی کا کام شروع کر دیا اِس طرح بھاری بھرکم زندگی کی گاڑی کو کمزور جسم سے چلانے کی نہ ختم ہونے والی ڈرل کو شروع کر دیا۔ قافلہ شب و روز اپنی رفتار سے چلتا رہا یہاں تک کہ مریم نے جوانی کے آنگن میں قدم رکھا تو بیوہ ماں کو شدت سے مریم کی شادی کا احساس جاگا تو خاندان میں اِدھر اُدھر دیکھا تا کہ مریم کے فرض سے نجات پا سکے لیکن کیونکہ مریم کی ماں کرائے کے مکان میں رہتی تھی اِس لیے کسی نے بھی مریم کے رشتے میں دل چسپی کا اظہار نہ کیا ۔ ماں پوری کوشش کر رہی تھی کسی طرح سے مریم کی شادی ہو جائے لیکن مریم کا یتیم ہونا غریب ہونا اُس کے راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ بن گیا جب خاندان والوں نے ہاتھ نہ پکڑا تو ماں نے رشتہ کرانے والیوں سے رابطہ کیا اب رشتہ کرانے والوں کی لوٹ مار شروع ہو گئی جب ماں بیچاری یہاں پر بھی ناکام ہوئی تو رشتے میں بندش کا علاج کروانے کے لیے بابوں مزاروں بنگالی جادوگروں کے پاس جا کر ماتھا رگڑنا شروع کر دیا یہاں بھی نہ ختم ہونے والی دوڑ تھی جو دونوں ماں بیٹیاں دوڑ رہی تھیں اِس بھاگ دوڑ میں دونوں ایک شیطانی قوتوں کے حامل بنگالی جادوگر کے ہتھے چڑھ گئیں بنگالی نے پہلے تو دونوں کو خوب ڈرایا دھمکایا کہ مریم پر خطرناک آسیبی جناتی قوتوں کا قبضہ ہے جو اِس کی شادی میں بہت بڑی رکاوٹ ہیں اِن کا علاج کرنا ہوگا دونوں مجبور تھیں اُس ظالم کی باتوں میں آ گئیں کہ واقعی ایسی بات نہ ہو تو اب اُس ظالم نے مختلف بہانوں سے اِن کے چکر لگوانے شروع کر دیئے ہر بار نئی کہانی نیا ڈرامہ بار بار بلاتا کہ میں تو توڑ کر رہا ہوں لیکن جنات کی تعداد لاکھوں میں ہے جیسے علاج کرتا ہوں اِن جنات کو ختم کرتا ہوں وہ اور آ جاتے ہیں اب دونوں ماں بیٹیاں سکول میں مزدوری کر کے کماتی تھیں اُس کو عامل نے لوٹنا شروع کر دیا اب عامل نے نیا تقاضہ کیا میں بہت کوشش کر رہا ہوں لیکن جنات قابو نہیں آ رہے اِس لیے اب مجھے آپ دونوں کے گھر میں رات گزار کر اِن کا توڑ کرنا ہوگا اب یہ دونوں ماں بیٹیاں پریشان کہ کیا کریں لیکن پھر علاج اور بندش کا علاج کرانے کے لیے اُس ظالم کو گھر بلایا اب گھر میں مختلف قسم کے پانی اور عرقیات کے چھڑکاؤ کرنا شروع کر دیئے پھر مختلف جڑی بوٹیوں کو بخورات کی شکل میں جلانا شروع کر دیا پھر عجیب مطالبہ کیا کہ کیونکہ جنات سے مقابلہ کرنا ہے اِس لیے اب مریم کو میرے سامنے بیٹھا کر ماں دوسرے کمرے میں چلی جائے تا کہ ماں کو کوئی نقصان نہ ہو پہلے تو ماں پریشان ہوئی لیکن پھر علاج سمجھ کر بات مان گئی اب عامل صاحب نے مریم پر مختلف قسم کے عملیات پڑھ کر دم کرنا شروع کر دیئے یہاں تک تو بات ٹھیک تھی لیکن جب دم کے بہانے عامل صاحب نے مریم کے جسم پر ہاتھ پھیرنے کی کوشش کی تو مریم بیٹی بہت پریشان ہوئی اٹھ کر بھاگ کر دوسرے کمرے میں اپنی ماں کے پاس چلی گئی تو عامل بہت ناراض کہ میرا عمل خراب ہو گیا اب آپ لوگ خود ذمہ دار ہو گے مریم تعاون کرے گی تو علاج ہو گا ماں نے دبے لفظوں میں مریم کو سمجھایا کہ تم کو غلط فہمی ہوئی ہے بابا جی دم کر رہے ہیں تو مریم نے انکار کر دیا کہ میں اچھی طرح جان گئی ہوں یہ علاج نہیں بلکہ جنسی ہوس ہے جو یہ کرنا چاہتے ہیں مجھے علاج کی ضرورت نہیں ہے میں ساری عمر شادی کے بغیر گزار دوں گی لیکن اِس طرح کا عمل یا علاج نہیں کراؤں گی اب جب عامل نے دیکھا کہ لڑکی تعاون نہیں کر رہی شکاری جال میں نہیں آئی تو اُس نے دھمکیاں دینا شروع کر دیں کہ اگر تم نے علاج نہ کرایا تو یہ جناتی چیزیں تمہاری زندگی حرام کر دیں گی تمہاری شادی کبھی نہیں ہوگی تم آرام سے آؤ اپنا علاج کراؤ لیکن مریم عامل کی آنکھوں میں جنسی شکاری چمک دیکھ چکی تھی اُس کی چھیڑ خانی کو پہچان چکی تھی ماں اور عامل نے بہت زور لگایا لیکن عزم و ہمت کی پیکر مریم نے انکار کر دیا پھر عامل صاحب بہت ساری دھمکیاں دے کر چلا گیا وہ جنسی شکاری روحانی لٹیرا تو اپنی جنسی ہوس پوری کرنے آیا تھا لیکن فائٹر مریم نے اُس کے خواب چکنا چور کر دیئے اِس المناک حادثے کے بعد مریم نے روحانی علاج سے توبہ کر لی ماں بیچاری کوشش کرتی رہی اِس دوران عامل صاحب کے فون بھی آئے کہ اگر مریم نے علاج نہ کرایا تو برباد ہو جائے گی بوڑھی ہو جائے گی لیکن مریم نے ہمت کی عامل کو صاف جواب دے دیا کہ میں نے اب علاج کروانا ہی نہیں پھر مریم کی ماں جب بھی کہتی کسی بابے کا ذکر کرتی تو مریم انکار کر دیتی' ماں تو ماں ہے وہ بیچاری ہاتھ پاؤں مارتی رہی اِسی دوران کسی نے میرے بارے میں بتایا میری تعریفیں کیں تو ماں نے مریم سے میرا ذکر کیا تو مریم نے پھر انکار کر دیا لیکن جب ماں نے بار بار اصرار کیا تو میرے پاس مجھے چیک کرانے آئی دو تین ملاقاتوں میں اِدھر اُدھر کی باتیں کرتی اور آ کر بہت دیر میرا مشاہدہ کرتی کچھ لوگوں سے میرے بارے میں معلومات حاصل کیں جب اچھی طرح دیکھ لیا تو ایک دن اپنی زندگی کی داستان اور جنسی فراڈی عامل کے بارے میں بتایا تو میں نے مریم بیٹی کی تعریف کی کہ تم فائٹر ہو آپ جیسی بیٹی ہونی چاہیے اب مریم نے ماں کے ساتھ میرے پاس آنا شروع کر دیا چند ملاقاتوں کے بعد ہی مریم کی عاملوں بابوں کے بارے میں جو غلط فہمیاں تھیں وہ دور ہو گئیں وہ جب بھی آتی تو میں کہتا میری فائٹر بیٹی آئی وہ خوش ہو جاتی آج جب مٹھائی لے کر آئی تو بولی سر میری منگنی ہو گئی شادی کی تاریخ مقرر ہو گئی ہے ماں بولی بہت اچھے خدا ترس لوگ ملے ہیں جن کو ہماری غریب مریم کے یتیم ہونے پر کوئی اعتراض نہیں بلکہ وہ جہیز نہیں لے رہے بارات بھی نہیں چند لوگوں کے ساتھ آ کر مریم کو لے جائیں گے شادی کا جوڑا بھی انہوں نے بنایا ہے ہم سے ایک سوئی بھی نہیں لے رہے مریم کی آنکھیں آنے والے دنوں سے روشن تھیں مریم بہت ساری دعائیں دے کر اور مجھ فقیر سے دعا لے کر جب رخصت ہونے لگی تو میں نے سر پر پیار سے ہاتھ پھیرا اور بولا مریم کاش وطن عزیز کی بیٹیاں بھی تمہاری طرح بہادر ہو جائیں تا کہ بنگالی جادوگروں کی لوٹ مار ختم ہو سکے جو آنے والے دنوں کے خوف سے آزاد لوگوں کی دولت اور عزتوں سے کھیلتے ہیں کہ جب اِن عاملوں کی بیٹیاں کسی عامل کے سامنے بیٹھی ہوں گی اور جنسی شکاری عامل اِن کو ہوس کی نظروں سے دیکھ رہے ہوں گے۔

بقیہ 1

کے انحراف کی خبروں، موجودہ حالات کے پیش نظر فائل کیا گیا ہے۔ صدارتی ریفرنس میں آرٹیکل 63 کی تشریح کے لیے سپریم کورٹ سے 4 سوالوں کا جواب مانگا گیا ہے۔ کیا پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ دینے سے نہیں روکا جا سکتا؟ پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ شمار نہیں ہو گا، کیا ایسا ووٹ ڈالنے والا تاحیات نااہل ہوگا؟، کیا منحرف ارکان کا ووٹ گنتی میں شمار ہو گا؟، پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ دینے والا رکن صادق اور امین نہیں رہے گا تو کیا ایسا ممبر تاحیات نااہل ہو گا؟، فلور کراسنگ یا ہارس ٹریڈنگ کو روکنے کے مزید کیا اقدامات ہو سکتے ہیں؟۔ اٹارنی جنرل خالد جاوید خان نے سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ صدارتی ریفرنس میں صدر کی نمائندگی میں کر رہا ہوں، ریفرنس میں منحرف ممبران سے متعلق سوالات ہیں۔ خالد جاوید خان نے بتایا کہ بنیادی سوال یہ ہے کیا منحرف اراکین تاحیات نااہل ہوں گے؟ منحرف اراکین کے ووٹ کی کیا وقعت ہوگی؟ منحرف اراکین کا ووٹ گنتی میں شامل ہوگا یا نہیں یہ دیکھنا ہے۔ سپریم کورٹ نے سیاسی جماعتوں کے لیڈرز کو وکلا کے ذریعے پیش ہونے کا حکم دیا تھا۔ واضح رہے کہ ہارس ٹریڈنگ کیخلاف آرٹیکل 63 اے کی تشریح کیلئے آج سپریم کورٹ میں پیش کیے جانے والے ریفرنس کا مسودہ تیار کرلیا گیا ہے جس کے اہم نکات سامنے آ گئے ہیں۔ صدارتی ریفرنس میں سپریم کورٹ سے 4 سوالوں کا جواب مانگا گیا ہے، ریفرنس میں کہا گیا ہے کہ آرٹیکل 63 اے کی کونسی تشریح قابل قبول ہے؟ کیا پارٹی پالیسی کیخلاف ووٹ دینے سے نہیں روکا جا سکتا؟ ریفرنس کے مسودہ میں کہا گیا ہے کہ پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ شمار نہیں ہوگا، کیا ایسا ووٹ ڈالنے والا تاحیات نااہل ہوگا؟ کیا منحرف ارکان کا ووٹ شمار ہوگا یا گنتی میں شمار نہیں ہوگا؟ مسودہ میں سوال ہے کہ پارٹی پالیسی کیخلاف ووٹ دینے والا رکن صادق اور امین نہیں رہے گا تو کیا ایسا ممبر تاحیات نااہل ہوگا؟ فلور کراسنگ یا ہارس ٹریڈنگ کو روکنے کے مزید کیا اقدامات ہو سکتے ہیں؟ ریفرنس کے مسودہ میں آرٹیکل 63 اے میں نااہلی کی مدت کا تعین نہیں کیا گیا۔

بقیہ 2

کے غداروں کو دی جاتی ہے۔

بقیہ 3

انہوں نے کہا کہ سب نے دیکھا کہ سینیٹ انتخابات میں بھی پیسہ چلا، اب بھی ضمیروں کے سودے کیے جا رہے ہیں، جمہوریت کی مضبوطی کے لئے سیاست میں پیسے کا استعمال روکنا ہوگا۔ فرخ حبیب نے کہا کہ سپریم کورٹ کے سامنے پاکستان کی تاریخ کا انتہائی اہم معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کی سمت درست ہے، برآمدات بڑھ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان اگلے پانچ سال کے لئے بھی منتخب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے تحت سب کو پرامن احتجاج کا حق حاصل ہے، جلسہ ضرور کریں، قانون کی خلاف ورزی کریں گے تو کارروائی ہوگی۔ فرخ حبیب نے کہا کہ اتحادیوں کو پہلے بھی ساتھ لے کر چلے، آئندہ بھی ساتھ لے کر چلیں گے، سازشی عناصر پہلے دن سے حکومت کے خلاف سازشوں میں ملوث ہیں۔ فرخ حبیب نے کہا کہ منحرف ارکان واپس آئیں گے اور مٹھائیاں کھانے والے روتے نظر آئیں گے۔

بقیہ 4

اطلاعات فواد چوہدری نے کہا کہ آرٹیکل اے 63 کے تحت ریفرنس سپریم کورٹ کو یہ موقع دے رہا ہے کہ ملک میں جاری ہارس ٹریڈنگ، موقعہ پرستی اور کرپشن کے ڈرامے ہمیشہ کیلئے ختم ہوسکیں۔ تحریک انصاف کے منحرف ارکان نے اپنی جماعت نہیں ملک کی پیٹھ میں خنجر گھونپا ہے، انھیں سزا دینا اسی طرح اہم ہے جیسے ملک کے غداروں کو دی جاتی ہے۔

بقیہ 5

میں اسپیکر نے آئین کی پاسداری نہیں کی، پارلیمان کے ان لوگوں کے خلاف بھی آرٹیکل 6 چلنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارلیمنٹ کی تاریخ میں آج تک ایک اجلاس نہیں بتاسکتے جس میں رول 37 کی کال پر وائلیشن کی گئی ہو۔ آپ ایک جمہوری عمل سے گزریں، وکلا نیوٹرل ہیں جو قانون اور آئین کی بالادستی چاہتے ہیں۔

بقیہ 6

کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت سپریم کورٹ بار کے وکیل نے کہا کہ اسپیکر کو 25 مارچ کو اجلاس طلب کرنے کا کہا گیا، آرٹیکل 95 کے تحت 14 دن کے اندر اجلاس بلانا ہوتا ہے، 14 دن سے زیادہ تاخیر کرنے کا اسپیکر کے پاس کوئی استحقاق نہیں، عدم اعتماد پر فیصلے تک اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی نہیں کیا جاسکتا۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ عدالت نے دیکھنا ہے کہ کسی ایونٹ کے سبب کوئی ووٹ ڈالنے سے محروم نا رہ جائے، ووٹ ڈالنا ارکان کا آئینی حق ہے، عدالت اسمبلی کی کارروائی میں مداخلت کی قائل نہیں، عدالت صرف یہ چاہتی ہے کہ کسی کا حق متاثر نہ ہو۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیے کہ یہ سارا قومی اسمبلی کا اندرونی معاملہ ہے، بہتر ہوگا کہ اسمبلی کی جنگ اسمبلی کے اندر لڑی جائے، ہم زیادہ گہرائی میں جانا نہیں چاہتے۔

بقیہ 7

کیا تاریخ کے لیے درست ہے؟ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ یہ حکومت ہی ناجائز ہے، میں پہلی مرتبہ سپریم کورٹ آیا ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ کیا عدالت میں وزیراعظم کے خلاف اس طرح آنا درست ہے؟ ۔ مولانا فضل الرحمٰن نے جواب دیا کہ کیا آپ ایسے نالائق حکومت کیلئے ہمدردیاں پیدا کرنا چاہتے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انصاف کیلئے عدالت آئے ہیں، امید ہے عدالت آئین وقانون کے مطابق فیصلہ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی سیاسی جدوجہد عدالت میں نہیں لڑیں گے، ہم عدالت میں اپنی آئینی اور قانونی جدوجہد اپنے وکلا کے ذریعے لڑیں گے

بقیہ 8

، واقعے پر 10 اہلکاروں کی غفلت پر کارروائی کی جاری ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سندھ ہاوس حملے میں ایم این ایز سمیت ملوث 15 ملزمان کو ضمانت پر رہا کیا گیا ہے، گرفتار ہونے والے ملزمان کے بیان کے مطابق وہ احتجاج کے لیے پریس کلب کے سامنے جمع ہوئے تھے، تاہم تحریک انصاف کے ایم این ایز عطا اللہ اور فہیم خان کے پریس کلب آنے پر سندھ ہاس جانے کا فیصلہ کیا گیا، اور ایم این ایز سمیت 5 گاڑیوں پر مشتمل قافلہ سندھ ہاوس کی طرف روانہ ہوا، مظاہرین کو ایم این ایز کے ساتھ ہونے کی وجہ سے چیک پوسٹ پر روکا نہیں گیا، مظاہرین کسی ریلی کی شکل میں ریڈ زون میں داخل نہیں

ہوئے۔ آئی جی اسلام آباد کی رپورٹ کے مطابق واقعے کے بعد پیپلز پارٹی کے ایم این اے عبدالقادر مندوخیل اور انچارج سندھ ہاس کی مقدمات کے اندراج کی درخواستیں موصول ہوئیں، معاملے پر ڈی آئی جی سیکیورٹی اور آپریشن کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دی گئی، واقعے کے بعد پولیس اور ایف سی کی اضافی نفری تعینات کردی گئی ہے۔

بقیہ 9

پر آ گئی جبکہ اسٹاک مارکیٹ میں صبح سے اضافے کا رجحان ہے۔ ڈالر کی قدر میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔

بقیہ 10

حکومت کو پریڈ گراؤنڈ اور اپوزیشن کو ایچ 9 میں جلسہ کرنے کا آپشن دیا گیا، ضلعی انتظامیہ کا مؤقف ہے کہ ریڈ زون میں زیادہ لوگوں کے آنے سے سیکیورٹی مسائل ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے کہا کہ جگہ تبدیلی کے آپشن پر غور کرکے ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا جائے، ضلعی انتظامیہ کا موقف ہے اسلام آباد کے ریڈ زون میں دفعہ 144 نافذ ہے۔ ذرائع کے مطابق ضلعی انتظامیہ کے مطابق ریڈ زون میں عوام کے اجتماع کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

بقیہ 11

بیشتر طالب علموں کیلئے مختلف جماعتوں کی کتابیں ہی موجود نہیں ہیں۔ ذرائع کے مطابق پرائمری سکولوں میں نرسری، پریپ، پہلی، دوسری، چوتھی اور پانچویں جماعت کی بیشتر کتابیں شارٹ ہیں۔ ایلیمنٹری سکولوں میں چھٹی، ساتویں اور آٹھویں جماعت کے نئے نصاب کی تاحال دستیابی بھی ممکن نہ بنائی جاسکی۔ اس کے علاوہ ہائی سکولوں میں بھی نہم و دہم کی کمپیوٹر، کیمسٹری، میتھ اور بائیو کی کتابیں دستیاب نہیں ہیں۔ سکولوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کو کتابوں کی ڈیمانڈ بھجوادی ہے۔ دوسری جانب ایجوکیشن اتھارٹی کا کہنا ہے کہ ایزولمنٹ بڑھنے کی وجہ سے سکولوں میں کتابوں کی کمی ہوئی ہے۔ ہم نے ڈیمانڈ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کو بھجوادی ہے۔

بقیہ 12

پیر نقیب الرحمٰن علامہ عارف واحدی نے مشترکہ اعلامیہ میں کہا کہ پاک فوج اور ملک کی سلامتی کے اداروں کے خلاف کسی قسم کی مہم کو قبول نہیں کیا جاسکتا۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ حزب اختلاف اور حزب اقتدار کی قیادت اور کارکنان کو ان اداروں اوران کی قیادت کے خلاف کسی بھی قسم کی مہم سے باز رہنا چاہیے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاکستانی قوم، فوج کی قربانیوں کا نتیجہ ہے کہ پاکستان میں امن اور اطمینان سے پورا عالم اسلام 75 ویں یوم پاکستان کے موقع پر اسلام آباد میں موجود ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ وزارت داخلہ، اطلاعات اور متعلقہ ادارے پاک فوج اور ملک کے سلامتی کے اداروں کے خلاف مہم چلانے والے افراد کے خلاف فوری ایکشن لیں۔ مطالبہ کیا گیا کہ ایسے عناصر کو نشان عبرت بنایا جائے جو دانستہ یا نادانستہ طور پر پاکستان میں انتشار پیدا کرنا چاہتے ہیں، اسلامی تعاون تنظیم کے وزراء خارجہ اور وفود کو بھی خوش آمدید کہتے ہیں۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ اسلامی تعاون تنظیم کا چند ماہ میں دوسری مرتبہ اجلاس پاکستان کیلئے قابل فخر، یہ پورے پاکستان کے مہمان ہیں۔ علماء نے کہا کہ مسلم امہ کی اس اجلاس سے بہت ساری توقعات ہیں جو انشاءاللہ پوری ہوں گی۔ صاحبزادہ حسان حسیب الرحمٰن، مولانا اسد زکریا قاسمی، علامہ ضیاء اللہ شاہ بخاری، مولانا محمد خان لغاری، مولانا نعمان حاشر، علامہ طاہر الحسن، علامہ پیر زبیر عابد، مولانا اسد اللہ فاروق، مولانا ذوالفقار احمد، مفتی عمر فاروق، مولانا مفتی فلک شیر، مولانا اسلم صدیقی، مولانا طاہر عقیل اعوان، مولانا عزیز اکبر قاسمی، مولانا محمد اشفاق پتافی، مولانا محمد شفیع قاسمی، مولانا عبیداللہ گورمانی، مفتی عبدالستار، مولانا قاسم قاسمی کی جانب سے مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا۔

بقیہ 13

ملاقات کے حوالے سے بھی آگاہ کیا۔ عون چوہدری نے جہانگیر ترین کو بتایا کہ وفاقی وزیر پرویز خٹک نے ملاقات کی اور کہا ہے کہ ابھی ترین گروپ اپنے فیصلے روک لے، اس ملاقات میں پنجاب میں تبدیلی کے لئے مثبت اشارے ملے ہیں، جبکہ پنجاب کی اہم شخصیات نے بھی ترین گروپ کے رہنماؤں سے ملاقات کی ہے۔ عون چوہدری کے مطابق جہانگیر ترین نے کہا ہے کہ گروپ متحد رہے اور مشاورت سے فیصلے کرے۔ جب کہ جہانگیر ترین ڈاکٹرز کی اجازت کی صورت میں ایک ہفتے میں وطن واپس آسکتے ہیں۔

بقیہ 14

لاہور عمر شیر چٹھہ کو فوری طور پر لاہور میں انسداد ڈینگی سرگرمیاں تیز کرنے کا حکم دیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کو جن علاقوں میں سپرے نہیں ہوا وہاں پر فوری سپرے کرنے کا حکم صادر کیا گیا ہے۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے مزید کہا کہ سپرے سمیت دیگر انسداد ڈینگی سرگرمیوں کو تیز کیا جائے، تمام محکمے ڈینگی کے حوالے سے جاری گائیڈ لائنز پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ کسی صورت کوتاہی برداشت نہ کی جائے گی۔

بقیہ 15

۔ وفاق کی جانب سے ڈپٹی اٹارنی جنرل سید طیب شاہ عدالت میں پیش ہوئے، وفاق کی جانب سے ڈپٹی اٹارنی جنرل نے جواب جمع کرانے کے لیے مہلت مانگ لی۔ چیف جسٹس نے ڈپٹی اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کہ آپ نے پٹیشنز پر جواب جمع کرانا تھا، وہ جمع ہوگیا ہے؟ ۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے استدعا کی کہ جواب داخل کرانے کے لیے کچھ مہلت دی جائے، اسلام آباد ہائی کورٹ نے استدعا منظور کرتے ہوئے سماعت 25 مارچ تک ملتوی کردی

بقیہ 16

سمجھتا ہے کہ وزیراعظم اپنی اکثریت کھو بیٹھے ہیں۔ حکومت کے اپنے ہی کئی ارکان قومی اسمبلی نے وزیراعظم پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے۔ تحریک انصاف کے ارکان نے میڈیا کے سامنے کھل کر اپنے تحفظات کا اظہار کر دیا ہے۔ وزیر اعظم عمران خان کی غلط معاشی پالیسیوں کے پاکستان تاریخ کے مشکل دور سے گزر رہا ہے۔ اب تک ان کے اتحادی بھی اقرار کر رہے ہیں کہ انکو عوام پر مسلط کیا گیا تھا۔ پاکستان کی عوام پہلے ہی وزیراعظم پر عدم اعتماد کر چکے ہیں۔ قرارداد میں مطالبہ کیا گیا کہ عمران خان ایوان کا اعتماد کھو چکے ہیں وہ فوری طور پر مستعفی ہوں۔

بقیہ 17

پارلیمنٹ سے ووٹ کا حق نہیں چھین سکتی۔ وزیراعظم اور حکومت ارکان کو ڈرانا دھمکانا بند کرے۔ ان خیالات کا اظہار شیری رحمان نے پیر کے روز سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں کیا۔ شیری رحمان کا کہنا تھا کہ ریکوزیشن سے پہلے وزرا اپوزیشن کو عدم اعتماد لانے کا چیلنج دیتے رہے، ریکوزیشن کے بعد وزیراعظم نے کہا ان کی دعا قبول ہوگئی۔ وزیراعظم نے اپنے ہی ارکان پر پیسے لینے کا الزام لگایا اور دھمکیاں دی۔ اب ان ارکان کو واپس آنے کی منت سماجت کر رہے ہے۔ کیا وزیراعظم فیک نیوز پھیلا رہے تھے؟ شیری رحمان کا کہنا تھا کہ آئین کے آرٹیکل 54 کے مطابق پیر کے روز قومی اسمبلی کا اجلاس ہونا چاہئے تھا۔ 25 مارچ کو اجلاس بلا کر اسپیکر نے آئین کی خلاف ورزی کی ہے۔ آئین میں اس بات کی گنجائش ہی نہیں کہ پارلیمنٹ بلڈنگ کی "تزئین وآرائش" کے باعث اسمبلی اجلاس تاخیر سے بلایا جائے۔ اسپیکر کے وضاحت ناقابل قبول ہے۔

بقیہ 18

پاکستانیوں نے مالی مدد کی ہے جو پاکستان کی ترقی کے لیے پُرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے اسے میں ہسپتال کی تعمیر ضروری ہے، اسلام آباد کیلئے جناح ہسپتال کا ڈیزائن بھی امریکا سے بن کر آرہا ہے۔ ہیلتھ کارڈ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں صحت پر اتنا کام کسی نے نہیں کیا، ہم سندھ کے سوا تمام صوبوں میں ایسا ہیلتھ انشورنس دے رہے ہیں جو دنیا کے ترقی پزیر ممالک میں بھی نہیں ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ ڈاکٹر ہسپتال کے سربراہ نے مجھے بتایا کہ پہلی بار ڈاکٹرز ہسپتال میں ایک مزدور کے دل کی سرجری ہوئی ہے۔ عمران خان نے کہا کہ 70 سال میں کسی نے نہیں سوچا تھا کہ کوئی ایسی حکومت آئی گی جو یکساں تعلیمی نظام پر توجہ دے گی، ہماری تعلیم طبقات میں بٹ گئی تھی، ایسے میں ہمارے نچلے طبقے کو اوپر آنے کا موقع ہی نہیں مل سکتا تھا۔ انہوں ن ے کہا کہ تعلیمی نظام میں معاشرہ طبقات میں تقسیم ہوگیا تھا جس میں انگریزی بولنے والا اعلیٰ طبقہ اور اردو بولنے والا نچلے طبقے میں تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ ہمارے اوپر غلامی کا بوجھ تھا، میں نے کئی افراد کو دیکھا ہے لوگ صرف یہ ثابت کرنے کے لیے کہ وہ پڑھے لکھے ہیں وہ پہلے انگریزی کے دو چار جملے بولتے ہیں بھر اردو میں بات کرتے ہیں، یہ صرف مختلف نصاب کے سبب ہے۔ عمران خان نے کہا کہ ملک کو فلاحی ریاست بنانے کے لیے ہم نے رحمت العالمین اتھارٹی کا آغاز کیا ہے جس سے ہمارے بچوں کو نبی کی زندگی اور قران پاک کی تعلیمات کا مقصد معلوم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے معیشت کو مستحکم کیا ہے، ہماری معیشت کے تمام انڈیکیٹرز درست سمت میں ہیں آئی ایم ایف کہہ رہا ہے کہ پاکستان مضبوط نمو کی طرف نکل گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری پہلی حکومت ہے جو اپنے خرچے کم کرتے ہوئے آمدنی بڑھا رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پمز بورڈ بنانے کا مقصد یہ ہے کہ سرکاری ہسپتال کو نجی ہسپتال کے طرز سے چلایا جائے، اور میرٹ کی بنیاد پر عہدے دیے جائیں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ آج ہمارے سارے معاشی اشاریے درست ہیں اور ملک ترقی کے رستے پر چل نکلا۔ عمران خان نے اسلام آباد میں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) ہسپتال کے نئے شعبہ حادثات وایمرجنسی اور سیکٹر G/13 میں 300 بستروں پر مشتمل ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ وزیراعظم نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری حکومت نے یکساں نصام تعلیم متعارف کرایا، وزیراعظم عمران خان ہمارا طبقاتی تعلیمی نصام بنا ہوا ہے، امیر کے لیے انگلش میڈیم اور غریب کے لیے اردو میڈیم۔ عمران خان نے کہا کہ 70 سال میں پہلی بار ہماری حکومت نے یکساں نصاب تعلیم لانے کی کوشش کی، ملک میں طبقاتی نظام تعلیم بنا ہوا ہے، امیر کیلیے انگلش میڈیم اور اچھی نوکریاں جبکہ تعلیمی نظام کی وجہ سے عوام کے لیے ترقی کرنا ممکن نہ تھا، وزیراعظم کا کہنا تھا کہ انگریزی زبان سیکھنے کی بجائے طبقاتی امتیاز بن گئی، انگریزی بولنے والا اپر کلاس اور باقی لوئر کلاس کے ہیں، ہم پر اتنا بڑا غلامی کا بوجھ پڑا ہوا ہے، لوگ پڑھے لکھا ہونا ثابت کرنے کیلیے انگریزی میں چند جملے بول کر پھر اردو بولتے ہیں، احساس کمتری کا یہ نظام نوآبادیاتی نظام تعلیم کی وجہ سے ہے جسے ہم نے تبدیل نہیں کیا، لیکن ہم نے اسے بدلنے کی شروعات کردی، پھر ہم نے بچوں کی کردار سازی کیلیے سیرت النبیؐ پڑھائی، کوئی قوم بڑی نہیں بن سکتی جب تک جب تک کردار بڑا نہ ہو۔ عمران خان نے کہا کہ نبیؐ نے لوگوں کے کردار بدلے اور فکری انقلاب برپا کیا، لوگ غلط سمجھتے ہیں کہ تلوار سے انقلاب آیا تھا، ہجرت اور نبیؐ کی وفات کے بعد جنگوں میں ہزار سے 1200 لوگ مرے تھے، لیکن سارا عرب ان کے زیرنگیں آگیا، یہ تلوار سے نہیں ہوا بلکہ لوگوں کے ذہن بدلے تھے، بدقسمتی سے ہم نے کبھی کوشش نہیں کی کہ لوگوں کو بتائیں تو سہی قرآن کیوں نبیؐ کی زندگی سے سیکھنے کا حکم دیتا ہے، اس میں ہماری بہتری ہے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ جو قوم نبیؐ کی سنت پر چلے گی وہ اٹھ جائے گی،

بقیہ 19

اور گرانقدر خدمات کے اعتراف میں انہیں تمغہ امتیاز (ملٹری)، ستارہ امتیاز (ملٹری) اور ہلال امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا ہے۔

بقیہ 20

مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پی ٹی آئی کے منحرف ایم این اے رمیش کمار کے گھر کے باہر احتجاج کرنے والے کارکنان اور قیادت کو مہنگا پڑ گیا، کراچی کے علاقے بوٹ بیسن پولیس نے پی ٹی آئی کے دو ممبران سندھ اسمبلی کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق بوٹ بیسن پولیس اسٹیشن میں ایم پی اے شاہنواز جدون اور سعید اللہ آفریدی کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے، جب کہ متعدد نامعلوم افراد کے خلاف بھی ایف آئی آر نمبر 176/2022 درج کی گئی ہے، مقدمہ میں دھمکیوں، ہتک آمیز الفاظ ادا کرنے سمیت مختلف دفعات درج کی گئی ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ ایم این اے رمیش کمار کے گھر کے باہر 3 اراکین سندھ اسمبلی کی قیادت میں احتجاج اور ہنگامہ آرائی کی گئی تھی، واقعہ کے خلاف بوٹ بیسن تھانے میں مقدمہ درج ہے، ہنگامہ آرائی میں ملوث 2 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ دوسری جانب پی ٹی آئی کے 3 اراکین صوبائی اسمبلی نے ایک درجن سے زائد کارکنان کے ہمراہ تھانہ بوٹ بیسن کلفٹن کے باہر اپنے کارکنان کی رہائی کے لیے احتجاج کیا، اور حراست میں لیے گئے ایک شخص کی رہائی پر احتجاج ختم کردیا گیا۔

بقیہ 21

اختلاف شہباز شریف کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی جس میں موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اپوزیشن لیڈر شہباز شریف کی رہائش گاہ پر امیر حیدر خان ہوتی اور اختر مینگل سمیت دیگر اپوزیشن قیادت موجود تھی۔ پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری دیگر اپوزیشن رہنماؤں کے ہمراہ سپریم کورٹ روانہ ہوئے

بقیہ 22

عثمان وڑائچ و دیگر عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ اسلام آباد پولیس نے وفاقی وزیر کی بیٹی ایڈووکیٹ ایمان مزاری اور بلوچ طلبہ کے خلاف مقدمہ واپس لے لیا۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل سید محمد طیب شاہ نے اسلام آباد ہائی کورٹ کو آگاہ کردیا۔ وفاقی وزیر شیریں مزاری کی بیٹی ایڈووکیٹ ایمان مزاری سمیت 200 بلوچ طلبہ کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ایمان مزاری ایڈووکیٹ نے مقدمے کے اخراج کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ 23

ہزار کی مزید نفری نہیں دے سکتے، وزارت داخلہ معذرت کرلے۔ ایف سی حکام کا مزید کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا میں 30 مارچ کو بلدیاتی انتخابات بھی ہیں، اگر اضافی اہلکار اس تاریخ سے قبل واپس ہوسکتے ہیں تو پھر دیکھا جاسکتا ہے۔ واضح رہے کہ اسلام آباد میں 2500 رینجرز، 2000 ایف سی اور 8 ہزار پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، تمام سکیورٹی اہلکاروں کو 2 اپریل تک ریڈ زون میں تعینات کیا گیا ہے۔

بقیہ 24

کورونا وائرس سے انتقال کرنے والے مریضوں کی کل تعداد 30331 تک پہنچ گئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 303 نئے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ کورونا وائرس کے فعال کیسز کی تعداد 15740 تک پہنچ گئی ہے۔ کورونا وائرس کے کیسز کے مثبت آنے کی شرح 1 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی اوسی) کی جانب سے پیر کے روز ملک میں کورونا وائرس کے حوالہ سے جاری تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق پاکستان اب تک کورکونا وائرس کے کل رپورٹ ہونے والے کیسز کی تعداد 15 لاکھ 22 ہزار 191 تک پہنچ گئی ہے۔ اب تک ملک بھر میں کورونا وائرس کے 14 لاکھ 76 ہزار 120 مریض مکمل طور پر صحت یاب ہو چکے ہیں۔ اس وقت ملک میں کورونا وائرس کے تشویشناک حالت میں موجود مریضوں کی تعداد 493 تک پہنچ گئی ہے۔

بقیہ 25

نمبر ایک پر پارک کروا کے مسافروں کو ٹرانزٹ لاؤنج میں شفٹ کیا گیا۔ طیارے کی مکمل انسپکشن پی آئی اے کے انجینئرز نے کی اور طیارے کی فنی خرابی دور کر کے منزل مقصود کی جانب روانہ کردیا گیا

بقیہ 26

کی مدت کیلیے مجوزہ ایس ای ڈی کیلیے ٹیکس فری اسٹیٹس حاصل کرنے کیلیے مسودہ تیار کیا ہے۔ مسودے کا مقصد ملک بھر میں قائم کیے جانے والے خصوصی اقتصادی زونز میں غیر ملکی سرمایہ کاروں اور تاجروں اور مقامی کاروباری اداروں کو اسی طرح کے فوائد اور مراعات فراہم کرنا ہے۔ جی پی اے کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ عبدالرزاق نے کہا ہے کہ مسودہ غور و خوض کیلیے حکام کو پیش کر دیا گیا ہے، امید ہے کہ اس کی منظوری سے مقامی تاجر برادری کو خوشحالی کیلیے ایک اہم گیم میدان میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے تحت جسے باضابطہ طور پر فروری 2020 میں مطلع کیا گیا تھا۔

بقیہ 27

مارگلہ روڈ ہی ریڈ زون میں داخلے اور باہر نکلنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مخصوص اجازت نامہ کے ساتھ ریڈ زون میں داخل ہونے کی اجازت ہوگی۔ کانفرنس کے شرکاء غیر ملکی وفود کی آمدورفت کی وجہ سے سری نگر ہائی وے، مری روڈ اور اسلام آباد ایکسپریس وے پر مختصر دورانیہ کے لیے غیر اعلانیہ رکاوٹیں لگائی جائیں گی۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ کسی بھی دشواری سے بچنے کے لیے غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں، اگر ضروری ہو تو سفر کے آغاز میں مارجن ٹائم کم از کم 15 منٹ رکھیں۔ آئی ٹی پی ریڈیو بھی اپنی خصوصی نشریات کے ذریعے شہریوں کو ٹریفک کی صورتحال کے متعلق لحہ بہ لحہ باخبر رکھے گا۔

بقیہ 28

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر اور پولیس حکام بھی شامل تھے۔ ذرائع کے مطابق وزارت داخلہ کی ہدایت پر تمام سیاسی جماعتوں سے رابطے کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جلسے کیلیے اپوزیشن اور حکومت کے لئے الگ الگ جگہ کا تعین کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق کارکنوں کے آنے کے لئے بھی روٹ طے کیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ انتظامیہ آج تمام سیاسی جماعتوں سے تحریری طور پر رابطہ کرے گی، انتظامیہ اور سیاسی جماعتوں کے نمائندے مل کر فیصلہ کریں گے۔

بقیہ 29

دی۔ آصف زرداری نے پارسی برادری کو جشن نوروز کی خصوصی مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کیلیے پارسی برادری کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔

بقیہ 30

ہٹا کر پولیس لائنز رپورٹ کرنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ اس سلسلے میں تھانہ آب پارہ میں ایس ایچ او سلیم رضا کی مدعیت میں قتل کی دفعہ 302 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ لیڈی کانسٹیبل کی موت پراسرار اور مشکوک حالات میں ہوئی۔ اقرا نذیر کے والدین نے مقدمے کی پیروی سے انکار کردیا ہے، جس کے بعد پولیس خود مدعی بن گئی ہے۔ اقرا کو عارف شاہ پولی کلینک ہسپتال لیکر گئے تھے، جہاں ایک گھنٹے میں ان کی موت واقع ہوگئی۔ اقرا کو زہر دیے جانے کا شبہ ہے۔ ڈیڈ باڈی پوسٹ مارٹم کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئی تھی۔ معاملے پر آئی جی اسلام آباد نے اعلی پولیس افسران پر مشتمل تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی تھی۔ تحقیقاتی کمیٹی بھی معاملے کی تہہ تک پہنچنے کے لئے مصروف ہے۔ کمیٹی نے ابتدائی تحقیقات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایس پی عارف شاہ کی معطلی کی سفارش کی ہے۔ پولیس نے مقدمے میں جائے وقوعہ کا ذکر نہیں کیا۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ مقتولہ کے موبائل فون کا ڈیٹا اور لوکیشنز بھی لی جا رہی ہیں جبکہ تحقیقاتی کمیٹی جائزہ لیکر وقوعہ اور مقدمہ میں چھپائے گئے پہلوں کی بھی مکمل جانچ کرے گی۔ کراچی یونیورسٹی سے گریجویشن کرنے والی اقرا کراچی کی رہائشی تھیں اور ان کا تعلق مانسہرہ سے تھا۔ اقرا نے 2019 میں اسلام آباد پولیس میں ملازمت اختیار کی اور وہ اسلام آباد میں کچھ عرصے کے لیے اپنے رشتہ دار ایس پی ٹریفک پولیس عارف شاہ کے گھر رہائش پذیر رہیں۔

بقیہ 31

پروپیگنڈا کر کے ملک وقوم کو مسائل کی دلدل میں دھکیلنا چاہتی ہے۔ پی ٹی آئی وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں ملکی ترقی کا سفر جاری رکھے گی۔ شفقت محمود نے کہا کہ عوام شریف فیملی اور زرداری کی کرپشن کو ابھی تک نہیں بھولی۔ دونوں جماعتوں کی لوٹ مار سے ملکی مسائل میں اضافہ ہوا۔ پی ٹی آئی کی حکومت اپوزیشن کو ہر محاذ پر شکست دینے کے لئے تیار ہے۔

بقیہ 32

کیونکہ ہم اپنی آزادی کا 75 واں سال منا رہے ہیں۔ وزیر خارجہ نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں تنظیموں کی سرگرمیوں کے بارے میں سینئر عہدیداروں کے اجلاس میں پیش کردہ خصوصی رپورٹ، کو سراہا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر کی صورتحال تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ وحشیانہ فوجی قبضے کے تحت انسانی حقوق کی صورتحال کو خراب کرنے کے علاوہ، بھارت مقبوضہ علاقے میں آبادیاتی تناسب میں تبدیلی کے درپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اقوام متحدہ میں اسلاموفوبیا پر حالیہ قرارداد کی منظوری کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ یہ امر باعث مسرت ہے کہ پاکستان کے اقدام کو او آئی سی اور اس کے رکن ممالک کی طرف سے مکمل حمایت حاصل رہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان او آئی سی کا اسلاموفوبیا پر خصوصی ایلچی مقرر کرنے کی تجویز کا خیر مقدم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں یقین ہے کہ اس سے اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کی صورتحال، بالخصوص انسانی بحران او آئی سی کی مسلسل توجہ کا متقاضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ افغانستان کے لیے ہیومینیٹرین ٹرسٹ فنڈ کے آپریشنل آغاز سے افغان عوام کو درپیش انسانی چیلنجوں سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ 19 دسمبر 2021 کو او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کے ہنگامی اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کے مطابق، ہمیں مناسب بجٹ اور لاجسٹک سپورٹ کے ذریعے کابل میں او آئی سی کی موجودگی اور خصوصی ایلچی کے دفتر کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی چیئرمین شپ کے دوران، ہم او آئی سی کو مزید متحرک بنانے کے لیے سیکرٹریٹ کے ساتھ فعال طور پر رابطہ استوار رکھیں گے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہم او آئی سی چیئر کے طور پر اپنے مینڈیٹ کو پورا کرنے کے لیے سیکرٹریٹ کی مسلسل حمایت کے متمنی ہیں۔

بقیہ 33

کی ممبر قومی اسمبلی کنول شوزب کیس کی سماعت کی۔ کنول شوزب کی جانب سے ہمسایوں سے صلح کے بعد درخواست نمٹانے کی متفرق درخواست دائر کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ایف آئی اے کے سامنے اپنی شکایت سمیت تمام کیسز واپس لے لیے ہیں۔ راضی نامہ کے باوجود سوشل میڈیا پر میرے خلاف کمپین چلانے والوں کے خلاف ایکشن لیا جائے۔ دوران سماعت عدالت نے وفاقی وزیر اسد عمر کو عدالتی معاون مقرر کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ اسد عمر اسی جماعت سے ہیں، ریکارڈ دیکھ کر بتائیں کہ کیا سوشل میڈیا پر عدالت مخالف چلنے والی مہم مناسب ہے؟ عدالت نے سماعت 25 مارچ تک کیلیے ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ پڑوسیوں سے مبینہ جھگڑے کے بعد کنول شوزب کے شوہر نے ایف آئی اے میں شکایت درج کرائی تھی۔ ایف آئی اے نے ماحولیاتی ایشو پر کنول شوزب کے ہمسایوں کو نوٹس جاری کر کے کارروائی کا آغاز کیا تھا۔

بقیہ 34

کی پامالی کی بدترین مثالیں قائم کر رہی ہے، ہارس ٹریڈنگ کی شرمناک منڈی سجا کر پیپلز پارٹی نے بھٹو کے سیاسی ورثے کو شرمسار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرزند زرداری کھلے عام او آئی سی میں رخنہ اندازی کی دھمکیاں دیکر مسلم دشمنی کے جذبات کا اظہار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی میدان میں شکست کا بدلہ عوام سے لینے کی قطعاً اجازت نہیں دیں گے، سندھ حکومت زرداری صاحب کی کرپشن بچانے کیلیے دستور و قانون کی پامالی سے اجتناب کرے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پرامن احتجاج کرنے کی پاداش میں حراست میں لیے گئے مظاہرین فوری رہا کیئے جائیں

بقیہ 35

ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کیلیے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید موثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس ضمن میں ایس ایس پی ٹریفک نے زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی طور پر لین وائلیشن کرنیوالی ہیوی گاڑیوں، سیٹ بیلٹ وائلیشن کرنیوالے ڈرائیورز، بغیر ہیلمٹ اور لین کی خلاف ورزی کرنیوالے موٹر سائیکل سواروں سمیت دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید سخت اور موثر بنانے کیلیے خصوصی ہدایات جاری کی ہیں اس سلسلے میں سلام آباد ٹریفک پولیس کی جانب سے اسپیشل انفورسمنٹ اسکواڈ بھی تشکیل دیے گئے ہیں جو کہ شہر میں مختلف مقامات پر کارروائی کر رہے ہیں، جبکہ ITP ایجوکیشن ونگ مختلف شاہراہوں پر شہریوں کو روڈ سیفٹی قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کر رہا ہے، اس موقع پر ایس ایس پی ٹریفک نے کہا ہے کہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والی گاڑیوں، موٹر سائیکلز اور دیگر عناصر سے سختی سے نمٹا جائیگا، قانون کی پاسداری کو ہر ممکن یقینی بنانا اور شہر میں مربوط ٹریفک نظام کی بحالی اولین ترجیحات ہیں، شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرتے ہوئے ٹریفک پولیس سے تعاون کریں تاکہ شہر کو حادثات سے پاک رکھا جاسکے۔

بقیہ 36

قیادت میں لانگ مارچ کا آغاز ماڈل ٹاون لاہور سے ہوگا۔ مریم نواز ریلی کی صورت میں جاتی عمرہ رائیونڈ سے ماڈل ٹاون پہنچیں گی جبکہ سیف الملوک کھوکھر بھی مریم نواز کے ہمراہ ہوں گے۔ لیگی ایم پی اے مرزا جاوید اور کرنل (ر) طارق کو بھی کارکنان کے ہمراہ جاتی عمرہ رائیونڈ پہنچنے کی ہدایت کردی گئی۔ اس کے علاوہ ٹکٹ ہولڈر پی پی 161 فیصل کھوکھر، ٹکٹ ہولڈر پی پی 170 میاں عمران جاوید بھی کارکنان کے ہمراہ جاتی عمرہ جائیں گے۔ ایم پی اے خواجہ سلمان رفیق، ملک وحید ٹکٹ ہولڈر پی پی 158 رانا احسن شرافت بھی کارکنان کے ہمراہ ماڈل ٹاون پہنچیں گے۔ مسلم لیگ (ن) لاہور کے سینئر رہنما خواجہ احمد حسان، حافظ میاں نعمان اور سید توصیف شاہ بھی ماڈل ٹاون پہنچیں گے۔ ایم پی اے رمضان بھٹی اور ٹکٹ ہولڈر پی پی ایک سو ستاسٹھ میاں سلیم کارکنان کے ہمراہ ماڈل ٹاون پہنچیں گے۔ اس کے علاوہ ایم پی اے یسین سوہل، میاں نصیر احمد اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 168 رانا خالد قادری کو بھی کارکنان کے ہمراہ ماڈل ٹاون پہنچنے کی ہدایت کردی گئی۔ اسی طرح ایم پی اے باو اختر علی اور ملک غلام حبیب اعوان، اختر حسین میو کیکارکنان بھی ماڈل ٹاون پہنچیں گے۔ مسلم لیگ (ن) کے 3 حلقوں کو داتا دربار پہنچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ میاں مجتبیٰ شجاع الرحمان، بلال یسین، میاں مرغوب احمد، مہر اشتیاق احمد، رانا مشہود احمد اور ٹکٹ ہولڈر باقر حسین بھی کارکنان کیہمراہ داتا دربار پہنچیں گے۔ شاہدرہ میں بھی مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کی ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں۔ خواجہ عمران، چودھری شہباز احمد کارکنان کے ہمراہ شاہدرہ پہنچیں گے۔ غزالی سلیم بٹ اور سمیع اللہ خان بھی کارکنان کے ہمراہ شاہدرہ میں ہوں گے۔

بقیہ 37

کی کوشش کی۔ ذرائع کے مطابق میڈیا پر نیوز بریک ہونے کے بعد آئی جی اسلام آباد نے فوری نوٹس لیا۔ ذرائع کے مطابق پوسٹ مارٹم کا حکم دیا ابتدائی شواہد کے مطابق موت زہر سے ہوئی۔ ذرائع کے مطابق اُسکے بعد تھانہ آبپارہ پولیس نے 302 کی ایف آئی آر سب انسپکٹر عاصم زیدی کی مدعیت میں درج کی، کسی ملزم کو ایف آئی آر میں ڈائریکٹ شامل نہیں کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آئی جی اسلام آباد پولیس احسن یونس نے معاملے کی تحقیقات کیلئے اعلیٰ سطحی انکوائری ٹیم بھی تشکیل دی، ٹیم کی سفارشات کی روشنی میں ایس پی عارف شاہ کو شامل تفتیش کیا گیا، قتل ہونے والی لیڈی کانسٹیبل اقراء اور قتل کے الزام میں شامل تفتیش ایس پی دونوں کا تعلق ایبٹ آباد سے ہے۔ ذرائع کے مطابق اقراء کی عمر 19 سال تھی اور وہ کراچی اپنے والدین کے ساتھ رہتی تھی۔

بقیہ 38

پر ڈپٹی کمشنر وایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کو خصوصی ٹاسک دیا جس پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف آفیسر خالقداد گاڑا کی زیر نگرانی ڈپٹی آفیسر ریگولیشن کی سربراہی میں انسداد تجاوزات ٹیم نے پولیس کی بھاری نفری اور ٹریفک پولیس کے ہمراہ صدیق اکبر چوک، مسلم بازار، فیصل بازار، گولچوک میں گزشتہ روز غیر قانونی تجاوزات سمیت رکاوٹوں کے خلاف بھرپور ایکشن کیا جس میں متعدد دوکانوں کو سیل کر کے کئی افراد کو گرفتار اور مجموعی پر پر 5 لاکھ سے زائد کے جرمانہ کردیے اور وارننگ دی کہ اگر تجاوزات کو رضا کارانہ طور پر تاجروں اور ریڑھی بانوں نے ختم نہ کیا تو یومیہ کی بنیاد پر آپریشن ایک انچ سرکاری جگہ کو واگزار کروانے تک جاری رہے گا۔

بقیہ 39

پہنچ گیا ہے۔ قطر ایئرویز کی پرواز کیو آر 579 کے ایئر بس طیارے کے کارگو ہولڈ میں اسموک کی اطلاع پر کراچی اتارا گیا، دوسری جانب کراچی میں ہنگامی لینڈنگ کرنے والے قطر ایئرویز کی ایئربس اے 350 طیارے کی فنی خرابی دور نہیں ہوسکی ہے جس کے سبب اسے روک لیا گیا ہے۔ دوحا سے ایئر لائن کی ٹیکنیکل ٹیم طیارے میں کراچی روانہ کی جارہی ہے۔ کراچی میں پھنسے 295 بھارتی مسافروں کو دوسرے طیارے میں منزل تک پہنچایا جائے گا۔ واضح رہے کہ بھارتی دارالحکومت دہلی سے دوحا کے لیے جانے والی پرواز میں آگ لگنے کے سگنل موصول ہونے پر طیارے کو ہنگامی طور پر کراچی اتار لیا گیا۔ قطر ایئرویز کے طیارے کی ہنگامی لینڈنگ کی وجہ سے دیگر پروازوں کو تاخیر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ 295 مسافروں کو لے کر دہلی سے دوحا کی قطر ایئرویز کی پرواز کیو آر 579 کراچی کے قریب تھی کہ پائلٹ کو طیارے میں آگ لگنے کے سگنل موصول ہوئے اور طیارے میں مسافروں نے ہلکہ دھواں محسوس کیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق پائلٹ نے طیارے کا رخ کراچی کی طرف موڑ دیا اور 150 ایئربس طیارے کو ہنگامی طور پر کراچی اتار لیا گیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ہنگامی صورتحال کی وجہ سے کراچی پہنچنے والی پروازوں کی لینڈنگ میں تاخیر ہوئی۔ دوحا سے کراچی کی قطر ایئرویز کی پرواز 610 فضا میں چکر کاٹتی رہی جبکہ ایئرلنکا کی پرواز یو ایل 183 کو بھی کراچی لینڈنگ کے لیے انتظار کرنا پڑا۔

بقیہ 40

لیا اور ہسپتال کا بھی دورہ کیا، واقعہ کی فوری اور موثر تحقیقات کے لیے تینوں سینئر افسران کی سربراہی میں الگ الگ ٹیمیں تشکیل دی گئیں، ایس ایس پی انوسٹی گیشن غضنفر علی شاہ کا کہنا تھا کہ علاقہ سے CCTV فوٹیج حاصل کی گئی ہیں، ہیومن انٹیلی جینس اور ٹیکنیکل وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، نعش کے فنگر پرنٹس اور ڈی این اے شناخت کے لیے بھجوائے جا رہے ہیں، ابتدائی طور پر نعش بظاہر خاتون کی معلوم ہوتی ہے، تاہم پوسٹ مارٹم رپورٹ کی روشنی میں حتمی رائے دی جاسکتی ہے، واقعہ کی تمام زاویوں پر تحقیقات کی جا رہی ہیں، اندوہناک واقعہ میں ملوث ملزم/ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 41

کارکردگی پر بریف کرتے ہوئے بتایا کہ ایک سال میں شمالی پنجاب کے 11 اضلاع میں 1 ارب 17 کروڑ 14 لاکھ روپے مالیت سے 11 لاکھ 32 ہزار افراد کی خدمت کی، اور فن پروگرام میں 716 اور فن کے اضافے کے ساتھ 2280 بچوں کی کفالت کر رہے ہیں ایک سال میں 25 ملین ان باہمت بچوں کی تعلیم اور کفالت پر خرچ کیا گیا۔ کمیونٹی سروسز میں 2 کروڑ 63 لاکھ 82 ہزار، کلین واٹر پراجیکٹس پر 48 لاکھ 21 ہزار، مواخات پروگرام کے تحت 28 لاکھ 78 ہزار کے بلاسود قرض دیئے گئے۔

بقیہ 42

اپنے مذہب اور آئین میں متعین کردہ حقوق کی فراہمی کو جاری رکھیں گے: پیر نور الحق قادری پاکستان ایک پُرامن ملک ہے اور پُرامن بقائے باہمی کیلیے پوری دنیا کے ساتھ تعاون کیلیے ہر دم تیار ہے: وزیر مذہبی امور پروفیسر قطب مصطفیٰ ثانو، سیکرٹری جنرل، عالمی اسلامک فقہی اکیڈمی، سعودی عرب کی وزیر مذہبی امور سے ملاقات وزیراعظم عمران خان کو اسلاموفوبیا کے تدارک کی کامیاب قرارداد پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں: پروفیسر قطب مصطفیٰ افغانستان کیلیے انسانی ہمدردی کا پیغام دنیا کیلیے قابل تقلید قدم ہے: سیکرٹری جنرل عالمی اسلامی فقہی اکیڈمی، سعودی عرب اسلامی تعاون تنظیم کی فقہی کونسل اسلاموفوبیا کے تدارک کے حوالے سے ہر ممکن تعاون کیلیے تیار ہے: پروفیسر قطب مصطفیٰ دونوں رہنماؤں کا باہمی تعاون کیلیے سعودی پاک مفاہمت کی یادداشت پر اتفاق رائے فقہی مسائل کے حل کیلیے دونوں ممالک کے علماء کرام پر مشتمل جوائنٹ فورم تشکیل دینے کی تجویز رمضان المبارک کے بعد جدہ یا اسلام آباد میں جوائنٹ فورم کے قیام کی تجاویز کو حتمی شکل دی جائے گی: پیر نور الحق قادری اسلامی تعاون تنظیم کی سطح پر سعودی عرب کی اسلامی فقہی اکیڈمی کی خدمات کو سراہتے ہیں

بقیہ 43

50 سال سے زائد عمر کے تمام پولیس افسران وملازمین طبی معائنے کروائے گئے ہیں جن میں سے 224 پولیس افسران وملازمان کی میڈیکل نگہداشت شروع کی گئی ہے 14 پولیس ملازمین جو کہ بیماری کی وجہ سے اپنے فرائض سرانجام دینے سے قاصر تھے ان کی لائٹ ڈیوٹی کر کے تبادلہ پولیس لائن کردیا گیا ہے جہاں وہ اپنا علاج معالجہ کروا رہے ہیں ان ملازمین کو دوران علاج معالجہ کسی بھی دیگر ڈیوٹی سے استثنیٰ حاصل ہے جبکہ 64 افسران وملازمان جو قابل علاج مرض میں مبتلا پائے گئے ان کا علاج معالجہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر سرگودھا سے کروایا جارہا ہے جسکے لئے فوکل پرسن نامزد کر کے باقاعدہ ڈیسک بنایا گیا ہے جو روزانہ کی بنیاد پران کا چیک اپ کروانے اور دیگر طبی سہولیات دلانے میں معاونت کرتا ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر رضوان احمد خان نے کہا کہ ڈیوٹی کے اوقات اور کام کا بوجھ بڑھ جانے سے پولیس ملازمین اپنی صحت کا خیال نہیں رکھ پاتے اور ان کا خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ اس کو پیش نظر رکھتے ہوئے بحیثیت سربراہ پولیس سرگودھا پولیس افسران وملازمین کی ویلفیئر اور صحت کا خیال رکھنا اولین ترجیح ہے جس کیلئے تھانہ جات میں تمام افسران وملازمان کے درمیان سرکاری امور کی یکساں تقسیم کی گئی ہے اور ان کی رخصت کو یقینی بنانے کیلئے بڑی سسٹم شروع کیا گیا ہے جس کا مقصد ملازمین کو ان کی ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ ان کی مناسب ریسٹ ورخصت کو برقرار رکھنا ہے۔ اس سے سرکاری امور کی انجام دہی میں مزید بہتری آئی ہے۔

بقیہ 44

بھلوال صدر پولیس نے امجد سے شراب 10 لٹر، تھانہ بھیرہ پولیس نے جلال سے کلاشنکوف، امجد سے رائفل 223 بور، تھانہ جھال چکیاں پولیس نے امتیاز سے رائفل 8 ایم ایم، تھانہ ساہیوال پولیس نے گل ریاض سے پسٹل 30 بور، تھانہ صدر پولیس نے سجاول سے پسٹل 30 بور، تھانہ بھلوال سٹی پولیس نے محسن سے پسٹل 30 بور اور تھانہ ترکھانوالہ پولیس نے ثناء اللہ سے پسٹل 30 بور برآمد کر کے گرفتار ملزمان کے خلاف منشیات فروشی وناجائز اسلحہ رکھنے کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے ہیں مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 45

مقدمات درج کرلیے یہ ملزمان حبیب آباد پتوکی میں ملتان روڈ پر راہزنی کی وارداتیں کرتے تھے ڈی پی او قصور نے شاندار کارگردگی پر ایس ایچ او تھانہ صدر پتوکی اور اس کی ٹیم کو نقد انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان کیا

بقیہ 46

پر تشویش کا اظہار کیا اور ان مسائل کے حل کے لیے مستقبل میں روابط کو تیز کرنے اور مشترکہ جدوجہد کا عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سینئر صحافی نصیر احمد قریشی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں میں موجود چندکالی بھیڑوں کی وجہ سے صحافت کا مقدس پیشہ بدنام ہو کر رہ گیا ہے صحافی کا قلم عوامی مسائل اجاگر کرنے اور مسائل کے حل کے لئے استعمال ہونا چاہیے مگر افسوس چند قلم فروش مبینہ صحافی کہلوانے والوں کی وجہ آج صحافت کا پیشہ بدنام ہو کر رہ گیا ہے ۔ سینئر صحافی نصیر احمد قریشی نے میر پور خاص سے آئے ہوئے سینئر صحافیوں کی عوام پکار میڈیا گروپ آفس آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور صحافیوں کے مفاد اور ان کے مسائل کے حل اور صحافیوں ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کے لئے ان کی جدوجہد میں بھرپور ساتھ دینا کا عزم کیا ۔

بقیہ 47

تھانہ سلانوالی پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کردی اور مقتول کے بھائی عمر فاروق کی مدعیت میں اندھے قتل کا مقدمہ درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔ جبکہ اندھے قتل کی واردات میں مسلح ملزمان کو ٹریس کرنے کے لئے جائے وقوعہ سے شواہد حاصل کر کے انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے۔ ڈی پی او ڈاکٹر رضوان احمد خان نے رپورٹ طلب کر کے ڈی ایس پی کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔

بقیہ 48

پر ڈپٹی کمشنر وایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کو خصوصی ٹاسک دیا جس پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف آفیسر خالقداد گاڑا کی زیر نگرانی ڈپٹی آفیسر ریگولیشن کی سربراہی میں انسداد تجاوزات ٹیم نے پولیس کی بھاری نفری اور ٹریفک پولیس کے ہمراہ صدیق اکبر چوک، مسلم بازار، فیصل بازار، گولچوک میں گزشتہ روز غیر قانونی تجاوزات سمیت رکاوٹوں کے خلاف بھرپور ایکشن کیا جس میں متعدد دوکانوں کو سیل کر کے کئی افراد کو گرفتار اور مجموعی پر پر 5 لاکھ سے زائد کے جرمانہ کردیے اور وارننگ دی کہ اگر تجاوزات کو رضا کارانہ طور پر تاجروں اور ریڑھی بانوں نے ختم نہ کیا تو یومیہ کی بنیاد پر آپریشن ایک انچ سرکاری جگہ کو واگزار کروانے تک جاری رہے گا۔

بقیہ 49

میں تصادم روکنے کی درخواست پر سماعت کے دوران اٹارنی جنرل نے تحریک عدم اعتماد کے دن اراکین اسمبلی کو باحفاظت اسمبلی پہنچنے کی یقین دہانی کرادی۔ اٹارنی جنرل خالد جاوید نے عدالت میں کہا کہ اراکین اسمبلی کو اسمبلی پہنچنے میں رکاوٹ پیدا کرنے کے مسئلے پر وزیراعظم سے بات کی، حلفاً کہتا ہوں کہ اجلاس کے دن کسی کو اسمبلی آتے وقت ہجوم سے گزرنا نہیں پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد کے دن باہر کوئی ہجوم نہیں ہوگا، صرف تحریک عدم اعتماد کے دن نہیں بلکہ باقی اجلاس کے دنوں میں بھی ہجوم نہیں ہونا چاہیے۔ اٹارنی جنرل نے عدالت کو یقین دہانی کرائی کہ کسی بھی دن اسمبلی کے باہر کوئی ہجوم نہیں ہوگا اور تمام اراکین بغیر کسی رکاوٹ کے اسمبلی آجاسکیں گے۔ خالد جاوید نے کہا کہ آئین کی کوئی شق کسی منحرف رکن کو ووٹ ڈالنے سے نہیں روکتی۔

بقیہ 50

ملزمان کو گرفتار کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں، سروس ڈیلیوری میں مزید بہتری کے لیے تھانوں کے اچانک دوروں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، آر پی او اشفاق احمد خان۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن اشفاق احمد خان نے تھانہ رتہ امرال اور تھانہ گنجمنڈی کا اچانک دورہ کیا، اس موقع پر آر پی او نے ایس پی راول ڈویژن بابر جوئیہ اور ایس ڈی پی او سٹی اثر علی کو بھی موقع پر طلب کر لیا، ایس پی راول نے آر پی او کو راول ڈویژن کے مجموعی کرائم، سیکورٹی اور لاء اینڈ آرڈر صورتحال کے بارے میں بریف کیا، دورہ کے دوران آر پی او نے تھانہ جات کی بلڈنگ، حوالات، رہائشی کمروں اور ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا، آر پی او نے اس موقع پر ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سنگین مقدمات میں میرٹ پر تفتیش عمل میں لاتے ہوئے مقدمات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے، انصاف کی فراہمی کے لیے تھانہ ایک بنیادی یونٹ ہے تھانوں میں آنے والے شہریوں کے ساتھ شائستگی کے ساتھ پیش آتے ہوئے ان کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنایا جائے، آر پی او نے لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایات جاری کیں اور کہا کہ مذہبی عبادت گاہوں اور حساس مقامات پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر حکمت عملی اپناتے ہوئے ان کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے، آر پی او نے بعد ازاں ایس پی راول دفتر کا بھی دورہ کیا اور مختلف امور کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایات جاری کیں، آر پی او نے مزید کہا کہ سروس ڈیلیوری میں مزید بہتری کے لیے تھانوں کے اچانک دوروں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 51

اسسٹنٹ کمشنر ماروی ملک شیر کو اس وقت بدسلوکی کا نشانہ بنایا جب وہ غازی کوٹ کے قریب قراقرم ہائی وے سے گزر رہی تھیں اور ان کی سرکاری گاڑی نے ملزمان کی گاڑی کو اوورٹیک کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملزمان نے اسسٹنٹ کمشنر کی گاڑی کو روکا اور ان سے بدکلامی کی، جب ان کے ڈرائیور اور گارڈ نے معاملے میں مداخلت کرنے کی کوشش کی تو ملزمان نے ان پر بھی حملہ کیا، جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہوگئے۔ ڈی پی او نے کہا کہ ملزمان ملک عمران حیدر، ملک محمد عتیق اور انیس خان کی جانب سے واقعے کی فوٹیج بنانے کی کوشش بھی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر کی جانب ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کروانے کے بعد ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ عینی شاہد نے کہا کہ جب اسسٹنٹ کمشنر کی گاڑی نے ملزمان کی گاڑی کو اوورٹیک کیا تو ملزمان مشتعل ہوگئے اور افسر کا راستہ روکتے ہوئے ان کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کیا۔

بقیہ 52

تقریباً 11 بلین ڈالر کے جرمانے کی معافی کے لئے حکومت کے بیرک گولڈ کمپنی کے ساتھ کامیاب معاہدے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔ اس معاہدے کے تحت بیرک گولڈ بلوچستان میں 10 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی، جس سے علاقے میں 8000 نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ وزیراعظم نے امید ظاہر کی کہ ریکوڈک سونے اور تانبے کی کان کی ترقی نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی سماجی واقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 53

تا کہ افغانستان میں بڑا انسانی المیہ رونما ہونے سے بچا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کشمیری قیادت کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، پریس کانفرنس میں مرکزی نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں محمد اسلم، امیر جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر خالد محمود خان، سابق امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر سردار اعجاز افضل خان، ڈائریکٹر امور خارجہ آصف لقمان قاضی، حریت راہنما غلام محمد صفی، نائب امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر نورالباری، سیکرٹری جنرل محمد تنویر انور خان موجود تھے، اس موقع پر سراج الحق نے کہا کہ ریاست جموں وکشمیر کے عوام کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خود ارادیت کا حق حاصل ہے ریاست جموں وکشمیر کے مستقبل کا فیصلہ آزادانہ رائے شماری کے ذریعے سے عمل میں لایا جائے، اسلامی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ کے 47 ویں اجلاس نائجر کے دارلحکومت نیامے میں 2020 میں منعقد ہوا اس میں مسئلہ کشمیر پر قرارداد منظور کی گئی اس قرارداد کی روشنی میں وزرائے خارجہ کے 48 ویں اجلاس میں عملی اقدامات کی توقع رکھتے ہیں، ہندوستان کی طرف سے 5 اگست 2019ء کو کیے گئے غیر قانونی اقدامات کو مسترد کیا جائے بھارتی حکومت پر دباؤ ڈالا جائے ایک اعلیٰ سطحی تحقیقاتی کمیشن مقبوضہ کشمیر بھیجا جائے جو انسانی حقوق کی پامالی کا جائزہ لے اور حقائق پر مبنی رپورٹ مرتب کرے واضح رہے کہ دسمبر 1989 میں بھارتی فوج کے ہاتھوں سے 100 سے زائد پرامن کشمیریوں کی شہادت کے بعد اب تک ایک لاکھ سے زائد کشمیری شہید ہوئے 22 ہزار خواتین بیوہ اور 108000 بچے یتیم ہو چکے ہیں بھارتی افواج کے ہاتھوں 12000 خواتین کی آبروریزی کی گئی ہے۔ سراج الحق نے مطالبہ کیا کہ ریاست جموں وکشمیر میں باہر سے آنے والے غیر ریاست انتہا پسند ہندوؤں کو بسانے کی قانونی حیثیت کو تسلیم نہ کیا جائے اور مقبوضہ کشمیر میں آبادی کے تناسب کو مصنوعی طریقوں سے تبدیل کرنے کی کوششوں کو غیر قانونی قرار دیا جائے، انہوں نے کہا کہ 1990 کی دہائی میں جو کشمیر ریلیف فنڈ قائم کیا گیا تھا تمام رکن ممالک اس میں بھرپور حصہ ڈالتے ہوئے شہداء کے خاندانوں اور جنگ سے متاثرہ کشمیریوں کی معقول امداد کا اہتمام کریں، انہوں نے کہا کہ ہندوستانی قابض افواج بے گناہ کشمیریوں کا قتل عام کرتے ہوئے انسانی حقوق کی سنگین پامالیاں کر رہی ہے او آئی سی کے رکن ممالک ہندوستان کا معاشی مقاطعے کی وارننگ دیں اگر انسانی حقوق کی پامالی جاری رہتی ہے تو معاشی مقاطعے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں خلیجی ممالک اس سلسلے میں اپنا اثر ونفوذ استعمال کریں، انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے معاشی حقوق، ملازمتوں اور کاروبار کے تحفظ کے لیے ہندوستان کی حکومت پر دباؤ ڈالا جائے کشمیریوں کے معاشی استحصال کے خلاف آواز بلند کی جائے اور ریاست جموں وکشمیر میں تعینات ہندوستان کی 9 لاکھ قابض افواج کو واپس بھیجنے کے لیے دباؤ بڑھایا جائے اور مظلوم کشمیریوں کا مسلسل محاصرہ اور ریاستی دہشت گردی ختم کی جائے انہیں جینے کا حق فراہم کیا جائے۔

بقیہ 54

میں موجود لیاقت اپنی 5 سالہ بیٹی اور 3 سالہ بیٹے سمیت ملبے تلے دب کر جاں بحق ہوگئے، ریسکیو اہلکاروں اور مقامی افراد نے امدادی کارروائی کرتے ہوئے تینوں لاشوں کو ملبے سے نکال کر ہسپتال منتقل کردیا۔ جاں بحق ہونے والا لیاقت چار بچوں کا باپ تھا، حادثے سے 8 سالہ بیٹا اور 6 سالہ بیٹی معجزانہ طور پر بچ گئے۔

بقیہ 55

ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی شرکت، سی پی او نے جرائم کے خلاف موثر کارکردگی نا ہونے پر ایس ایچ او واہ کینٹ کی سرزنش کی، سی پی او کی افسران کو جرائم پر موثر کنٹرول، تفتیش کے معیار کو بہتر بنانے اور میرٹ پر تفتیش کرتے ہوئے زیر تفتیش مقدمات کے چالان بروقت مرتب کر کے جمع کروانے کی ہدایت، سی پی او عمر سعید ملک کا کہنا تھا کہ متحرک گینگز کے خلاف کارروائی اور ملزمان کی سزایابی کے لئے شناخت پریڈ کو یقینی بنایا جائے، تھانے کی سطح پر شہریوں کی شکایات کے موثر ازالے کو یقینی بنایا جائے، بچوں اور خواتین کے خلاف جرائم پر زیرو ٹالیرنس پالیسی ہے، منشیات اور قمار بازی کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے، اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے، شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور جرائم کی بیخ کنی ہماری اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 56

تکمیل کے پیش نظر اٹھایا گیا ہے۔ سی ڈی اے کے خفیہ ونگ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق توقع ہے کہ کمیٹی 15 ایام میں اپنا کام مکمل کرلے گی، جس کے بعد ملوث افسران اور عہدیداران کے خلاف تادیبی کارروائی کا آغاز کیا جاسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی کی سربراہی ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل لینڈ اینڈ اسٹیٹ افنان عالم کریں گے جبکہ کمیٹی کے اراکین میں ڈپٹی فنانشل ایڈوائزر خواجہ ایزاد حسین، ڈائریکٹر لیبارٹری خالد نواز اور ڈائریکٹر ریجنل پلاننگ فراز ملک شامل ہیں۔ 10 مارچ کو جاری کردہ اعلامیے میں کمیٹی کو ذمہ داری دی گئی ہے کہ 1997 کے ایکٹ، 1960، 1966 اور 1979 کے آرڈیننس کی خلاف ورزی کرتے ہوئے نیشنل پارک کے حفاظتی علاقے کی اراضی کے لیز اور مونال ریسٹوریٹ کے اسٹریچر کے مرحلے میں ملوث ملزمان کی شناخت کی جائے۔

شاہ محمود قریشی سے سیکرٹری جنرل او آئی سی کی ملاقات

او آئی سی اجلاس، میں یقین ہے اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان سے نمٹنے میں مدد ملے گی، وزیر خارجہ

پاکستان کی چیئرمین شپ کے دوران، ہم او آئی سی کو مزید متحرک بنانے کے لیے سیکرٹریٹ کے ساتھ فعال طور پر رابطہ استوار رکھیں گے، شاہ محمود

اسلام آباد (این این آئی) او آئی سی کے سیکرٹری جنرل حسین براہیم طٰہٰ سے وزیر خارجہ نے ملاقات کی جس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پیر کو وزارت خارجہ میں ہونے والی ملاقات میں سیکرٹری خارجہ سہیل محمود، اسپیشل سیکرٹری خارجہ رضا بشیر تارڑ اور وزارت خارجہ کے سینئر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر خارجہ نے سیکرٹری جنرل او آئی سی کو وزارت خارجہ تشریف آوری پر خوش آمدید کہا وزیر خارجہ نے اسلام آباد میں او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کے 48ویں اجلاس کے انعقاد میں تعاون کے لیے سیکرٹریٹ کی کاوشوں کو سراہا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کے اڑتالیسویں اجلاس کا انعقاد، پاکستان کے لیے ایک خاص موقع ہے (بقیہ نمبر 32)

کنول شوزب کیس میں وفاقی وزیر اسد عمر عدالتی معاون مقرر

ماحولیاتی ایشو پر کنول شوزب کے ہمسایوں کو نوٹس جاری کر کے کارروائی کا آغاز کیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ایف آئی اے اختیارات سے تجاوز سے متعلق پاکستان تحریک انصاف کی ممبر قومی اسمبلی کنول شوزب کیس میں وفاقی وزیر اسد عمر کو عدالتی معاون مقرر کردیا ہے۔ پیر کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے ایف آئی اے اختیارات سے تجاوز سے متعلق پاکستان تحریک انصاف (بقیہ نمبر 33)

وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی او آئی سی کے جنرل سیکرٹری کا استقبال کر رہے ہیں

اسد عمر کی سندھ حکومت کے آمرانہ طرزِ حکومت کی شدید مذمت

زیرِ حراست مظاہرین کی رہائی کا مطالبہ، پرامن احتجاج شہریوں کا بنیادی جمہوری حق ہے

سندھ کی آمرانہ حکومت شہریوں کے جمہوری حق پر ڈاکہ نہیں ڈال سکتی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی سیکرٹری جنرل تحریک انصاف و وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے سندھ حکومت کے آمرانہ طرزِ حکومت کی شدید مذمت کرتے ہوئے زیرِ حراست مظاہرین کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے بیان میں اسد عمر نے کہا کہ پرامن احتجاج شہریوں کا بنیادی جمہوری حق ہے، سندھ کی آمرانہ حکومت شہریوں کے جمہوری حق پر ڈاکہ نہیں ڈال سکتی۔ اسد عمر نے کہا کہ پیپلز پارٹی ملک میں دستور و قانون (بقیہ نمبر 34)

پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 23بھکاری

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری 23 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث بنتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کے احکامات پر انچارج بیگر اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 23 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا۔

منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی، 04ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، 1710 گرام چرس اور 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد خاور سے 01 کلو 400 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم جہانزیب سے 310 گرام چرس جبکہ چونترہ پولیس نے ملزم رضوان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن اور ملزم عامر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے

مربوط ٹریفک نظام کی بحالی اولین ترجیحات ہیں، ایس ایس پی ٹریفک

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف قانونی کارروائی موثر بنانے کا فیصلہ

ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والی گاڑیوں، موٹر سائیکلز اور دیگر عناصر سے سختی سے نمٹا جائیگا، ایس ایس پی ٹریفک

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کو حادثات سے پاک رکھنے اور روڈ ڈسپلن کو قائم رکھنے، ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کیلئے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید موثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد محمد احسن یونس کی خصوصی ہدایات کے مطابق اسلام آباد کو حادثات سے پاک رکھنے اور روڈ ڈسپلن کو قائم رکھنے، (بقیہ نمبر 35)

مہنگائی مکاؤ مارچ کیلئے (ن) لیگ نے ڈیوٹیاں لگادیں

مریم اور حمزہ کی قیادت میں لانگ مارچ کا آغاز ماڈل ٹاؤن لاہور سے ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی جانب سے 23 مارچ کو ہونے والے مہنگائی مکاؤ مارچ کے سلسلہ میں مسلم لیگ (ن) کے ارکان اسمبلی و لیگی رہنماؤں کی ڈیوٹیاں لگا دی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز اور پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز شریف کی (بقیہ نمبر 36)

8 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم گرفتار

راولپنڈی پولیس اس حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی کو یقینی بنا رہی ہے

راولپنڈی (اے ایف بی) پولیس کو متاثرہ بچے کی والدہ نے درخواست دی کہ ملزم ماجد نے اس کے بیٹے کے ساتھ دوکان میں زیادتی کی کوشش کی ہے، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے فوری مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کا حکم دیا، ایس ایچ او ائیر پورٹ اور انکی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 8 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم ماجد کو گرفتار کرلیا، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ خواتین اور بچوں پر تشدد، زیادتی اور ہراسمنٹ جیسے واقعات ناقابل برداشت ہیں، راولپنڈی پولیس اس حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی کو یقینی بنا رہی ہے۔

انڈس ہوم ویلفیئر فاؤنڈیشن کے ممبران پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

گھروں میں نقب زنی کرنے والا 04رکنی گینگ گرفتار

شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (اے ایف بی) مری پولیس کی موثر کاروائی، گھروں میں نقب زنی کرنے والا 04 رکنی گینگ گرفتار، ملزمان سے 27 لاکھ سے زائد مالیت کا مسروقہ سامان برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او مری اور انکی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث 04 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں فرحان، عمران، واسط اور شان شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ سامان جس میں LCD,s، واشنگ مشینز اور دیگر گھریلو سامان برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی کوہسار نے ایس ایچ او مری اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

اسپیکر نے آئین کی خلاف ورزی کی ہے، سردار ایاز صادق، طے ہے عمران خان جارہا ہے، سعد رفیق

اسلام آباد (این این آئی) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ اسپیکر نے آئین کی خلاف ورزی کی ہے۔ پیر کو صحافی نے سردار ایاز صادق سے سوال کیا کہ اطلاعات ہیں اسپیکر نے 25 مارچ کی تاریخ اپوزیشن سے مشاورت سے طے کی ہے جس کے جواب میں سعد رفیق نے کہا کہ اسپیکر نے ہم سے بالکل کوئی مشاورت نہیں کی، اسپیکر نے آئین کی خلاف ورزی کی ہے۔

لیڈی کانسٹیبل اقراء قتل کیس میں وفاقی پولیس کے ایس پی ٹریفک عارف شاہ کو شامل تفتیش کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) لیڈی کانسٹیبل اقراء قتل کیس میں وفاقی پولیس کے ایس پی ٹریفک عارف شاہ کو شامل تفتیش کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ایس پی عارف شاہ کے تمام سٹاف کلوز کردیا گیا۔ لیڈی کانسٹیبل کی موت زہر سے ہوئی تھی چالاک قاتل نے اقراء کی ڈیڈ باڈی کو ڈائریکٹ کراچی بھیجنے (بقیہ نمبر 37)

اے این ایف نے موٹر وے ٹول پلازہ کے قریب دو گاڑیوں سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف انٹیلی جنس اور اے این ایف نے موٹر وے ٹول پلازہ کے قریب دو گاڑیوں سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی۔ ترجمان کے مطابق تلاشی لینے پر ہنڈا سوک اور سوزوکی مہران سے مجموعی طور پر 408 کلو منشیات برآمد ہوئی، برآمد شدہ منشیات میں 312 کلوگرام چرس اور 96 کلوگرام افیون شامل ہے، دوران کارروائی اسلام آباد کے رہائشی محمد آصف اور پشاور کے رہائشی سلمان (بقیہ نمبر 38)

منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن مزید تیز

آئی جی اسلام آباد محمد احسن یونس نے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کے انعقاد کا سلسلہ جاری

شہریوں اور پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور ان کے بروقت حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد محمد احسن یونس نے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کے انعقاد کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے شہریوں اور پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور ان کے بروقت حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد احسن یونس نے سنٹرل پولیس آفس میں شہریوں اور پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور بروقت حل کیلئے متعلقہ افسران کو بذریعہ ٹیلی فون ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ قبضہ مافیا، منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کیا جائے۔

تھانہ نصیر آباد کے علاقے سے نامعلوم نعش ملنے کا معاملہ

ایس ایس پی انویسٹی گیشن، ایس ایس پی آپریشنز کا جائے وقوعہ کا دورہ

راولپنڈی (اے ایف بی) تھانہ نصیر آباد کے علاقے سے نامعلوم نعش ملنے کا معاملہ، سی پی او عمر سعید کی ہدایت پر ایس ایس پی انویسٹی گیشن، ایس ایس پی آپریشنز اور ایس پی سی آئی اے کا جائے وقوعہ اور ہسپتال کا دورہ۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد کے علاقے سے نامعلوم نعش ملنے پر سی پی او عمر سعید کی ہدایت پر ایس ایس پی انویسٹی گیشن غضنفر علی شاہ، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض اور ایس پی سی آئی اے طارق محبوب نے جائے وقوعہ کا جائزہ (بقیہ نمبر 40)

ہنگامی لینڈنگ کرنیوالا طیارہ روک لیا گیا، متبادل طیارہ مسافر لینے آگیا

کراچی (این این آئی) سول ایوی ایشن حکام نے کراچی میں ہنگامی لینڈنگ کرنے والے قطر ایئر ویز کے طیارے کو ایئر پورٹ پر روک لیا ہے جبکہ مسافروں کو لے جانے کیلئے متبادل طیارہ کراچی ایئر پورٹ (بقیہ نمبر 39)

خدمت پر سرمایہ کاری، فرد کی زندگی کے بعد بھی اس کے لیے منافع کا باعث ہوتی ہے، عبدالشکور

ایک سال میں 25 ملین، کمیونٹی سروسز 2 کروڑ 63 لاکھ، کلین واٹر پراجیکٹس 48 لاکھ، مواخات پروگرام پر 28 لاکھ 78 ہزار خرچ کئے

راولپنڈی (اے ایف بی) الخدمت فاؤنڈیشن پنجاب شمالی کی سالانہ صوبائی جنرل کونسل سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی صدر محمد عبدالشکور نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ایسی سرمایہ کاری ہے جو فرد کی زندگی کے بعد بھی اس کے لیے منافع کا باعث ہوتی ہے کم وسائل کے باوجود بے لوث الخدمت ٹیم اور رضا کاروں کی وجہ سے بڑے منصوبے مکمل ہوئے ڈیزاسٹر میں اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے مصیبت میں گھرے افراد کو ریسکیو کرنے والے رضا کار الخدمت کا فخر ہیں۔ صوبائی صدر رضوان احمد کی زیر صدارت منعقدہ جنرل کونسل میں صوبائی سیکرٹری جنرل نمیر حسن مدنی، نائب صدر امجد محمود بھٹی، ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید امجد حسین شاہ، اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل محمد جاوید قائم خانی، اضلاع کے صدور و سیکرٹریز سمیت دیگر ذمہ داران شریک ہوئے۔ رضوان احمد نے سالانہ صوبائی (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی: صوبائی وزیر جیل خانہ جات فیاض الحسن چوہان سے راجہ عمران، عزیر انوار، عثمان عباسی کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری سے وفود کی ملاقاتیں

پاکستان تمام مذہبی اکائیوں کو حقوق و آزادی دلانے کیلئے سرگرم عمل ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری سے 48ویں وزراء خارجہ اسلامی تعاون تنظیم کانفرنس کے وفود کی سائیڈ لائن ملاقاتیں محترمہ الریکا سینڈ برگ، سفیر تنظیم برائے اسلامی تعاون، بین الثقافتی و بین المذاہب مکالمہ، سویڈش سفیر ہنرک پرسن کی وزیر مذہبی امور سے انکے دفتر میں ملاقات سویڈن حکومت پاکستان کی مذہبی آزادیوں کے حوالے سے پالیسی کو سراہتا ہے: الریکا سینڈ برگ اقلیتوں کے حقوق کے حوالے سے پاکستان کے اقدامات متاثر کن ہیں: سفیر برائے خصوصی ایلچی پاکستان خلوص نیت سے تمام مذہبی اکائیوں کو حقوق و آزادی دلانے کیلئے سرگرم عمل ہے: وفاقی وزیر مذہبی امور ہم اقلیتوں کیلئے (بقیہ نمبر 42)

سرگودھا، ڈی پی او ڈاکٹر رضوان احمد خان کا احسن اقدام

50 سال سے زائد عمر کے تمام پولیس افسران وملازمین طبی معائنے کروائے گئے

سرگودھا: رپورٹ ڈاکٹر عبدالقیوم جنجوعہ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر رضوان احمد خان کی ہدایت پر پولیس افسران وملازمین کی صحت کے معیار کو برقرار رکھنے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی جانب سے جاری کردہ پولیس ویلفیئر رولز کی روشنی میں ضلع بھر کے پولیس افسران وملازمان کے میڈیکل ٹیسٹ کروائے گئے ہیں اور اس بارہ میں ڈاکٹرز کی رائے حاصل کی گئی ہے جس میں (بقیہ نمبر 43)

منشیات فروشوں وناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی

14ملزمان گرفتار، چار کلوگرام چرس، شراب وکلاشنکوف سمیت اسلحہ برآمد

سرگودھا: (رپورٹ ڈاکٹر عبدالقیوم جنجوعہ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر رضوان احمد خان کی ہدایت پر منشیات فروشوں وناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے ابرار سے چرس 1 کلو 340 گرام، ذوالفقار سے شراب 72 لٹر، امیر خان سے شراب 40 لٹر، تھانہ سلانوالی پولیس نے نثار احمد سے چرس 1 کلو 300 گرام، تھانہ مڈھ رانجھا پولیس نے مسماۃ شہناز بی بی سے چرس 1 کلو 300 گرام، تھانہ کوٹ مومن پولیس نے عثمان سے شراب 120 لٹر، تھانہ (بقیہ نمبر 44)

منشیات فروش پولیس کی حراست میں

ایس ایچ او تھانہ صدر پتوکی کی ڈکیت گینگ کے خلاف کارروائی

وسیم عرف وسیمی ڈکیت گینگ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا گیا

حبیب آباد (رشید احمد نعیم) ایس ایچ او تھانہ صدر پتوکی نے ڈکیت گینگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے وسیم عرف وسیمی ڈکیت گینگ کے دو ارکان گرفتار کر لیے تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور صہیب اشرف کی خصوصی ہدایت پر تھانہ صدر پتوکی کے ایس ایچ او طاہر محمود خاں نے خطرناک ڈکیت گینگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے وسیم عرف وسیمی ڈکیت گینگ کے دو ارکان کو سرغنہ سمیت گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان کے قبضہ سے ایک لاکھ روپے نقدی 6 موبائل فونز ناجائز اسلحہ اور قیمتی اشیاء برآمد کر ملزمان کے خلاف مختلف دفعات کے تحت (بقیہ نمبر 45)

صحافیوں کے مسائل کا حل صحافیوں کے اتحاد میں ہی ممکن ہے

میرپور خاص ضلع کے صحافیوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنا ہوگا، سینئر صحافی اقبال سولنگی

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) صحافیوں کے مسائل کا حل صحافیوں کے اتحاد میں ہی ممکن ہے میرپور خاص ضلع کے صحافیوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار میرپور خاص کے سینئر صحافیوں اقبال سولنگی، سید لیاقت علی شاہ، اسماعیل خلجی، شاہد جمیل قریشی، اور دیگر صحافیوں نے عوامی پکار میڈیا گروپ کے ہیڈ سینئر صحافی نصیر احمد قریشی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر روز نیوز کے تحصیل رپورٹر وسیم قریشی بھی موجود تھے۔ انہوں نے میرپور خاص ڈویژن کے سینئر صحافیوں کو دوران رپورٹنگ درپیش مسائل (بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی، محمد علی جناح پبلک سکول سکستھ روڈ کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر گروپ فوٹو

سرگودھا، محنت کش کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا

پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کردی

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) سرگودھا میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے محنت کش کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور فرار ہو گئے پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر دی اور اندھے قتل کا مقدمہ درج کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ اس واقعہ میں ملزمان کو ٹریس کرنے کے لئے شواہد اکٹھے کر کے انوسٹیگیشن ٹیم تشکیل دے دی گئی۔ سرگودھا کے قصبہ سلانوالی کے چک 61 جنوبی کے محنت کش اللہ دتہ کو ڈیرے سے گھر جاتے ہوئے راستہ میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے (بقیہ نمبر 47)

سرگودھا، میٹروپولیٹن کارپوریشن کا غیر قانونی تجاوزات آپریشن

رکاوٹ ڈالنے والوں کیخلاف پولیس کا آپریشن کلین اپ، متعدد دکانیں سیل

سرگودھا (راحیلہ یوسف) سرگودھا شہر میں میٹروپولیٹن کارپوریشن نے غیر قانونی تجاوزات اور راستہ میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے خلاف پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ آپریشن کلین اپ کرتے ہوئے متعدد دوکانات کو سیل اور کئی افراد کو گرفتار کرتے ہوئے درجنوں کو جرمانے کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر اندرون بازاروں اور فٹ پاتھ وغیرہ پر قبضہ مافیا کی غیر قانونی تجاوزات اور راستہ میں رکاوٹ پیدا کرنے کی عوامی شکایات (بقیہ نمبر 48)

اجلاس کے دن کسی کو ہجوم سے نہیں گزرنا پڑے گا، اٹارنی جنرل کی عدالت کو یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) اٹارنی جنرل پاکستان خالد جاوید نے تحریک عدم اعتماد کے دن اراکین اسمبلی کو باحفاظت اسمبلی پہنچنے کی یقین دہانی کرادی۔ پیر کو عدالت عظمیٰ میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی ملک (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

آر پی او کا تھانہ رتہ امرال اور تھانہ گنج منڈی کا اچانک دورہ

ایس پی راول ڈویژن بابر جوئیہ اور ایس ڈی پی او سٹی کو بھی موقع پر طلب ملزمان کی گرفتاری کیلئے تمام اقدامات کئے جائیں

سروس ڈلیوری میں مزید بہتری کے لیے تھانوں کے اچانک دوروں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، اشفاق احمد خان

راولپنڈی (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن اشفاق احمد خان کا تھانہ رتہ امرال اور تھانہ گنجمنڈی کا اچانک دورہ، آر پی او نے ایس پی راول ڈویژن بابر جوئیہ اور ایس ڈی پی او سٹی کو بھی موقع پر طلب کرلیا، دوران دورہ آر پی او نے تھانہ جات کی بلڈنگ، حوالات، رہائشی کمروں اور تھانہ جات کے ریکارڈ کا جائزہ لیا، سنگین مقدمات میں میرٹ پر تفتیش کرتے ہوئے مقدمات میں ملوث (بقیہ نمبر 50)

وزیراعظم سے چیئرمین سینیٹ کی ملاقات، ریکوڈک معاملے پر گفتگو

معاہدے کے تحت بیرک گولڈ بلوچستان میں 10 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے ملاقات کی جس میں ریکوڈک معاملے پر گفتگو کی گئی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے بلوچستان میں ریکوڈک سونے اور تانبے کی کان کی ترقی کے علاوہ (بقیہ نمبر 52)

اداروں کیخلاف سوشل میڈیا مہم، وزیراعظم کا نوٹس

سوشل میڈیا مہم چلانے والوں کے خلاف ایف آئی اے کارروائی کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے اداروں اور افسران کیخلاف سوشل میڈیا پر چلنے والی مہم کا نوٹس لیتے ہوئے وزیراعظم نے مہم چلانے والے عناصر کے خلاف ایف آئی اے کے کو کارروائی کی ہدایت کی۔ وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت پارٹی رہنماؤں کا اجلاس ہوا، جس میں موجودہ سیاسی صورتحال اور تحریک عدم اعتماد سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم کو سوشل میڈیا مہم چلانے والوں سے متعلق رپورٹ پیش کی گئی۔

وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے صوبائی وزیر غضنفر چھینہ، سردار شہاب الدین ملاقات کر رہے ہیں

مانسہرہ کی اسسٹنٹ کمشنر کو ہراساں کرنے والے 3 ملزمان گرفتار

مانسہرہ (این این آئی) پولیس نے مانسہرہ تحصیل کی اسسٹنٹ کمشنر کو ہراساں کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان نے خاتون کے سیکورٹی گارڈ اور ڈرائیور کو زخمی بھی کیا تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ضلعی پولیس افسر سجاد خان نے بتایا کہ ہم نے 3 افراد کو گرفتار کرتے ہوئے ان کے قبضے سے ریپیٹر گن، پستول اور ان کی گاڑی سے شراب کی بوتلیں برآمد کی ہیں۔ ملزمان نے (بقیہ نمبر 51)

چیف جسٹس کی غیر متعلقہ افراد کو باہر جانے اور کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس عمر عطاء بندیال نے سپریم کورٹ بار تحریک عدم اعتماد کے معاملے پر انتشار پیدا ہونے کے خدشے کے پیش نظر سپریم کورٹ میں درخواست پر سماعت کے موقع پر سپریم کورٹ کے کمرہ عدالت میں رش بڑھا تو چیف جسٹس نے غیر متعلقہ افراد کو باہر جانے کی ہدایت کی اور کہا کہ کچھ افراد اور گیلری میں چلے جائیں۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ ہمارے مہمان بھی آئے ہوئے ہیں، سینئر وکلا بھی موجود ہیں

او آئی سی اقوام متحدہ کے ساتھ مل کر کشمیر پر قرار دادوں پر عمل درآمد کروائے، سراج الحق

او آئی سی کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں ہندوستان جارح قرار دے کر اقتصادی پابندیاں عائد کی جائیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (اے ایف بی) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سراج الحق نے کہا ہے کہ او آئی سی کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں ہندوستان جارح قرار دے کر اقتصادی پابندیاں عائد کی جائیں، او آئی سی اقوام متحدہ کے ساتھ مل کر کشمیر پر قرار دادوں پر عمل درآمد کروائے، اسلامی ممالک اسرائیل سے تعلقات قائم کرنے کی بجائے فلسطین کی آزادی کے لیے اقدامات کریں، او آئی سی کا قیام ہی مسجد اقصیٰ کی آزادی کے لیے عمل میں لایا گیا تھا، طالبان نے افغانستان کے اندر وہ تمام اقدامات کرلیے ہیں جو عالمی برادری کو مطلوب تھے اب افغانستان کی حکومت کو تسلیم کیا جائے (بقیہ نمبر 53)

وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وفاقی وزیر غلام سرور خان ملاقات کر رہے ہیں

جیلوں میں قید قیدیوں کی سزاؤں میں 90دن کی کمی

قیدیوں کی سزاؤں میں کمی آئین پاکستان 1973 کے آرٹیکل 45 کے تحت کی جائے گی

لاہور (این این آئی) صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے وزیراعظم پاکستان عمران خان کی ہدایت پر 23 مارچ کے موقع کی مناسبت سے پنجاب بھر کی جیلوں میں قید قیدیوں کے لیے 90 دن کی سزاؤں میں کمی کا اعلان کردیا۔ قیدیوں کی سزاؤں میں کمی آئین پاکستان 1973 کے آرٹیکل 45 کے تحت کی جائے گی۔ سزاؤں میں کمی کا اطلاق ان تمام قیدیوں پر ہوگا جو اپنی سزا کا 2/3 حصہ کاٹ چکے ہیں سوائے انکے جو دہشت گردی، منشیات اور حدود آرڈیننس کی دفعات کے تحت سزا ہوئی ہوں۔ مرد قیدی جن کی عمر 65 سال سے اور خواتین قیدی جن کی عمر 60 سال سے زائد ہے اور اپنی سزا کا 1/3 حصہ کاٹ چکے ہیں ان پر بھی سزاؤں میں کمی کا اطلاق ہوگا۔

مکان کی چھت گرنے سے باپ اپنے 2 کمسن بچوں سمیت جاں بحق

ریسکیو اہلکاروں نے تینوں لاشوں کو ملبے سے نکال لیا، 8 سالہ بیٹا اور 6 سالہ بیٹی محفوظ رہے

مردان (این این آئی) مردان میں مکان کی چھت گرنے سے باپ اپنے 2 کمسن بچوں سمیت جاں بحق ہوگیا، ریسکیو اہلکاروں نے امدادی کارروائی کرتے ہوئے تینوں لاشوں کو ملبے سے نکال لیا۔ مردان کے علاقہ طورو سواڑیان کے قریب فقیر آباد میں لیاقت نامی شخص کے کچے مکان کی شہتیر اچانک ٹوٹ گئی جس سے کمرے کی چھت گر گئی، کمرے (بقیہ نمبر 54)

محکمہ جنگلی حیات وپارکس کی ٹیم نے آبی پرندوں کا غیر قانونی شکار کرنیوالے افراد کو حراست میں لے رکھا ہے

2منشیات فروشوں سمیت ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا

جہلم (این این آئی): تھانہ منگلا کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بدنام منشیات فروش نصیر اللہ عرف سیرو سے چرس گرد 1420 گرام برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ تھانہ للہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزم سمیت 1 منشیات فروش گرفتار کر لیا، ملزم خالد محمود سے پسٹل 30 بور معہ راؤنڈز برآمد کرلئے اور ملزم ریاست علی سے شراب 3 بوتل برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ تھانہ سوہاوہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد بلال سے پسٹل 30 بور معہ راؤنڈز برآمد کرلیا۔

پولیس لائن جہلم میں جنرل پریڈ کا انعقاد، ڈی ایس پی سوہاوہ نے معائنہ کیا

جہلم (این این آئی) ڈی ایس پی سٹی سوہاوہ چودھری محمد نواز نے سلامی کے بعد پریڈ کا معائنہ اور جوانوں کا ٹرن آؤٹ چیک کیا۔ ضلع بھر سے پولیس افسران و ملازمان، ایلیٹ فورس، ٹریفک پولیس اور لیڈیز اہلکاروں نے شرکت کی۔ ڈی ایس پی سٹی سوہاوہ چودھری محمد نواز نے اس موقع پر کہا کہ جرائم کے انسداد کے لئے پولیس افسران کا فٹ ہونا بہت ضروری ہے۔ پولیس فورس معاشرے میں امن وامان کے ذمہ دار ہیں۔

پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پوٹھوہار ڈویژن سے متعلق اجلاس

اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی، شہریوں کی جان ومال کی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے

متحرک گینگز کے خلاف کارروائی اور ملزمان کی سزایابی کے لئے شناخت پریڈ کو یقینی بنایا جائے، سی پی او عمر سعید ملک

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او عمر سعید ملک کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پوٹھوہار ڈویژن سے متعلق کرائم میٹنگ، ایس ایس پی انوسٹی گیشن، ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی پوٹھوہار، ایس پی سی آئی اے، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی شرکت، سی پی او نے پوٹھوہار ڈویژن کے تمام تھانوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر عمر سعید ملک کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پوٹھوہار ڈویژن سے متعلق کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن غضنفر علی شاہ، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب، ایس پی سی آئی اے طارق محبوب، ایس (بقیہ نمبر 55)

مونال ریسٹورینٹ کی لیز میں ملوث افراد کی نشاندہی کیلئے کمیٹی تشکیل

کمیٹی کی سربراہی ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل لینڈ اینڈ اسٹیٹ افنان عالم کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) مرگلہ ہلز نیشنل پارک کے محفوظ علاقے میں مونال ریسٹورینٹ اور دیگر عمارات کی لیز اور اس مرحلے میں ملوث افراد افسران کی شناخت کے لیے کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے 4 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ اقدام 12 جنوری 2022 کے دیئے گئے اسلام آباد ہائی کورٹ کے احکامات کی (بقیہ نمبر 56)

MMIT ASIA 2022
NG TIMES RESHAPING THE F

گورنر سندھ عمران اسماعیل صدر کائی سلمان اسلم کو اعلیٰ کارکردگی پر ایوارڈ پیش کر رہے ہیں

سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی کے سینئر ٹریفک وارڈن نے ایمانداری کی مثال قائم کردی

راولپنڈی (این این آئی) سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی کے سینئر ٹریفک وارڈن نے ایمانداری کی مثال قائم کردی۔ گمشدہ پرس تلاش کر کے اصل مالک کے حوالے کردیا۔ تفصیلات کے مطابق سینئر ٹریفک وارڈن محمد سرفراز اولڈ ائیر پورٹ سیکٹر میں پیٹرولنگ ڈیوٹی پر موجود تھے کہ انھیں سڑک پر گرا ہوا ایک پرس ملا۔ جب پرس کھول کر دیکھا تو اس میں تقریباً 15 ہزار روپے کیش رقم، اے ٹی ایم کارڈ اور کچھ قیمتی کاغذات موجود تھے۔ جس پر انسپکٹر محمد سرفراز نے ایمانداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے پرس میں موجود شناختی کارڈ کے ذریعے اس کے اصل مالک کو تلاش کر کے پرس اس کے حوالے کیا۔

سینئر صحافی محسن بیگ کے خلاف اے ٹی سی میں کیس کی سماعت چھ اپریل تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت میں سینئر صحافی محسن بیگ کے خلاف اے ٹی سی میں کیس کی سماعت چھ اپریل تک ملتوی کر دی گئی۔ پیر کو کیس کی سماعت انسداد دہشتگردی عدالت کے جج محمد علی وڑائچ نے کی۔ سینئر صحافی محسن بیگ رہائی کے بعد عدالت کے روبرو پیش ہوئے، پولیس نے چالان جمع کروادیا، عدالت نے ملزم محسن بیگ کو چالان کی کاپی فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی سماعت 6 اپریل تک ملتوی کردی۔

DRESS
HOT COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444
Kashf Abeer
COLLECTION
STS
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2پیس اور 3پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی